CPNE MEMBER
صحافت کی عظیم روایات کا علمبردار، آزاد غیر جانبدار اور مکمل عوامی اخبار، باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
روزنامہ
Daily IMROZE Islamabad
اسلام آباد
چیف ایڈیٹر: خالد اطہر
امروز
www.dailyimroze.com
جلد: 19 | پیر، 27 جولائی 2026ء، 12 صفر 1448ھ، (صفحات 4) قیمت 20 روپے | شمارہ: 199

عرب اتحادیوں کی ہتھیاروں کی کمی اور امریکا کا ایران پر حملوں سے عارضی گریز کا فیصلہ

یہ فیصلہ اس وقت کیا گیا جب حکام نے پیٹریاٹ دفاعی میزائلوں کے ذخائر میں کمی اور خلیج فارس میں امریکا کے عرب اتحادیوں کے دور ہونے کے خدشات پر تشویش کا اظہار کیا۔ وائٹ ہاؤس نے ابھی تک ان رپورٹس کی باضابطہ تصدیق نہیں کی

13 دنوں بعد جمعہ کی رات پہلی رات تھی جب امریکا نے ایران پر کوئی فضائی حملہ نہیں کیا، جبکہ ہفتے کی رات بھی کسی حملے کی اطلاع موصول نہیں ہوئی۔ امریکی اخبار نیویارک ٹائمز

واشنگٹن: (ویب ڈیسک) امریکی میڈیا اداروں نیویارک ٹائمز، ایگزیوس، سی این این اور ایسوسی ایٹڈ پریس نے رپورٹ کیا ہے کہ ڈونلڈ ٹرمپ نے فی الحال ایران کے خلاف امریکی فوجی حملوں میں شدت نہ لانے کا فیصلہ کیا ہے۔ ان ذرائع ابلاغ کے مطابق یہ فیصلہ اس وقت کیا گیا جب حکام نے پیٹریاٹ دفاعی میزائلوں کے ذخائر میں کمی اور خلیج فارس میں امریکا کے عرب اتحادیوں کے دور ہونے کے خد (بقیہ نمبر 1)

جنوبی لبنان کے گاؤں غندوریہ میں، اسرائیل اور حزب اللہ کے درمیان جنگ کے دوران تباہ ہونے والے اپنے گھروں سے رہائشی ملبہ ہٹا رہے ہیں

ڈونلڈ ٹرمپ کا ایران پر ایک روز کے لیے حملے روکنے کا حکم

ایران اور اومان کے درمیان اس معاملے پر اسی ویک اینڈ پر معاہدہ کرلیا جائے گا

ایران کے خلاف روزانہ ہونے والے حملوں کا تقریباً دو ہفتے طویل سلسلہ ٹوٹ گیا، امریکی میڈیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران پر ایک روز کے لیے حملے روکنے کا حکم دیدیا۔ امریکی ویب سائٹ کے مطابق گزشتہ روز ایران کے خلاف کارروائی نہیں کی گئی۔ صدر کے حکم کے بعد ایران کے خلاف روزانہ ہونے والے حملوں کا تقریباً دو (بقیہ نمبر 2)

اسرائیلی کے زیر قبضہ گولان کی پہاڑیاں شام کی اراضی ہے، سیکرٹری جنرل اقوام متحدہ

دمشق (این این آئی) اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل انتونیو گوتریس نے باور کرایا ہے کہ گولان شام کی اراضی (بقیہ نمبر 3)

وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان سے پی سی ایم اے کے پیٹرن انچیف عبداللطیف، وائس چیئرمین ریاض احمد سینئر نمبر عثمان اشرف ملاقات کر رہے ہیں، ڈی جی (ٹیکسٹائل مدثر رضا صدیقی موجود ہیں

وزیر اعظم: دہشتگردی کے ناسور کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی

سکیورٹی فورسز کی چیک پوسٹ پر بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے بزدلانہ حملے کو ناکام بنانے اور چار دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت، غیر معمولی جرات اور بروقت کارروائی قابل ستائش ہے

ہمارے بہادر جوانوں نے دشمن کے مذموم عزائم کو ناکام بنا کر ایک بار پھر ثابت کیا ہے کہ پاکستان کی سلامتی پر کوئی آنچ نہیں آنے دی جائے گی۔ پوری قوم اپنی بہادر افواج اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے جنوبی وزیرستان میں دہشت گردوں کے حملے کو ناکام بنانے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ ملک سے دہشتگردی کے ناسور کے مکمل خاتمے تک اپنی کارروائیاں پوری قوت (بقیہ نمبر 4)

سینئر وزیر پنجاب مریم اورنگزیب راولپنڈی میں ریلی سے خطاب کرتے ہوئے

وزیر اعظم کا جنوبی وزیرستان میں دہشتگردوں کا حملہ ناکام بنانے پر فورسز کو خراج تحسین

ملک سے دہشتگردی کے ناسور کے مکمل خاتمے تک اپنی کارروائیاں پوری قوت کے ساتھ جاری رکھیں گے، وزیر اعظم

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے جنوبی وزیرستان میں دہشت گردوں کے حملے کو ناکام بنانے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ ملک سے دہشتگردی کے ناسور کے مکمل خاتمے تک اپنی کارروائیاں پوری قوت (بقیہ نمبر 8)

خواجہ آصف: جوائنٹ ایکشن کمیٹی پاکستان کشمیر کے تاریخی رشتے کو چیلنج کر رہی ہے

1947ء میں لاکھوں مہاجرین خون کی لکیر عبور کر کے پاکستان پہنچے، تقریباً اڑھائی لاکھ افراد نے اپنی جانوں کی قربانی دی

ایک گروہ نے پیپلز پارٹی کی حکومت اور پاکستانی حکومت کو بلیک میل کر کے 25 ارب روپے وصول کیے، وزیر دفاع کا تقریب سے خطاب

سیالکوٹ (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ ایکشن کمیٹی پاکستان اور کشمیر کے تاریخی رشتے کو چیلنج کر رہی ہے، ایک گروہ نے پیپلز پارٹی کی حکومت اور پاکستانی حکومت کو بلیک میل کر کے 25 ارب روپے وصول کیے۔ اپنے آبائی علاقے سیاسی (بقیہ نمبر 5)

چیف سیکرٹری آزاد جموں و کشمیر خوشحال خان پریس کانفرنس کر رہے ہیں

اسحاق ڈار کا سعودی وزیر خارجہ سے رابطہ، تازہ علاقائی پیش رفت پر گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار کا سعودی وزیر خارجہ فیصل بن فرحان سے ٹیلیفونک رابطہ ہوا، جس (بقیہ نمبر 7)

طوفان نول کے قریب آنے پر جنوبی چین میں 20 ہزار افراد کا انخلا

بیجنگ (این این آئی) چین میں سرکاری میڈیا کے مطابق چینی حکام نے 20 (بقیہ نمبر 6)

امریکا نے روکے تو ہم نے بھی جوابی کارروائیاں معطل کر دیں: ایرانی فوج

امریکا سٹریٹیجک فیصلہ سازی کے حوالے سے تھکن کا شکار ہے، اس کے پاس کوئی واضح حکمتِ عملی نہیں: ترجمان ایرانی فوج

واشنگٹن اب نئی حکمت عملی کی تلاش میں ہے، امریکا کی جنگ سے ممکنہ دستبرداری بھی اسرائیل کی منظوری سے مشروط ہوگی۔ جنرل شکارچی

تہران: (ویب ڈیسک) ایرانی فوج کے ترجمان محمد اکرامینیا نے کہا ہے کہ امریکا نے دو راتوں کے دوران اپنے حملے روکے ہیں تو ایران نے بھی اپنی جوابی کارروائیاں روک دی ہیں۔ ان سے پوچھا گیا کہ کیا اس کا یہ مطلب ہے کہ امریکا نے یکطرفہ طور پر جنگ بندی دوبارہ نافذ کر دی ہے؟ ترجمان ایرانی فوج نے کہا کہ امریکا سٹریٹیجک فیصلہ سازی کے حوالے سے تھکن کا شکار ہے، اس کے پاس کوئی واضح (بقیہ نمبر 13)

خطے میں امریکی پالیسی یمن کی صورتحال کو پیچیدہ کر رہی ہے، ایران

سعودی عرب کے ساتھ یمن کے تنازع کا فوجی حل نہیں، ترجمان وزارت خارجہ

بات چیت پر واپسی اور طیشدہ روڈ میپ پر عمل ہی یمنی عوام کی مشکلات کا حل ہے،

تہران (این این آئی) ایران نے کہا ہے کہ خطے میں امریکی پالیسی یمن کی صورتحال کو پیچیدہ کر رہی ہے۔ ترجمان ایرانی وزارت خارجہ اسماعیل بقائی کا کہنا تھا کہ یمن تنازع (بقیہ نمبر 12)

لڑائی اور جنگ بندی کے دوران 18 ارب ڈالر سے زائد کا تیل فروخت کیا، ایرانی وزیر تیل

تہران (این این آئی) ایران کے وزیر تیل محسن پاک نژاد نے کہا ہے کہ ایران نے جنگ کے دوران 11 ارب 50 کروڑ ڈالر جبکہ جنگ بندی کے عرصے میں 6 ارب 50 (بقیہ نمبر 10)

ایرانی وزارت خارجہ کی بحری جہاز پر یوکرینی حملے کی مذمت

تہران (این این آئی) ایران کی وزارت خارجہ نے ایرانی بحری جہاز (بقیہ نمبر 9)

آزاد جموں و کشمیر میں عام انتخابات 2026 کی گہما گہمی اپنے عروج پر پہنچ گئی

انتخابی میدان میں نوجوان امیدواروں کی بھرپور شرکت نے سیاسی فضا کو مزید متحرک بنا دیا

مظفر آباد (این این آئی) آزاد جموں و کشمیر میں عام انتخابات 2026 کی گہما گہمی اپنے عروج پر پہنچ گئی۔ انتخابی میدان میں نوجوان امیدواروں کی بھرپور شرکت نے (بقیہ نمبر 11)

تربت: وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی فرنٹیئر کور بلوچستان (ساؤتھ) کے دورے کے دوران ایف سی کے جدید ترین ہسپتال کا افتتاح کر رہے ہیں

ملک بھر میں بارشیں چھتیں گرنے اور کرنٹ لگنے سے 19 مزید افراد جاں بحق

لاہور گڑھی شاہو میں گھر کی چھت گرنے سے میاں بیوی اور بیٹی جاں بحق، جبکہ ایک بیٹی زخمی ہوگئی، گجرات میں چھت گرنے سے 3 بہن بھائی دم توڑ گئے، جن میں 15 سالہ علی، 14 سالہ ایمان اور 13 سالہ فلک شیر شامل ہیں۔

قصور میں چھت گرنے سے 7 سالہ بچے سمیت 2 افراد چل بسے، حجرہ شاہ مقیم میں مکان کی چھت گرنے سے خاتون جاں بحق اور 4 افراد زخمی ہو گئے

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان بھر میں جاری بارشوں کے باعث چھتیں گرنے اور کرنٹ لگنے سے 19 افراد زندگی کی بازی ہار گئے، جبکہ 26 جون سے اب تک مجموعی طور پر 97 افراد جان کی بازی ہار چکے ہیں۔ لاہور گڑھی شاہو میں گھر کی چھت گرنے سے میاں بیوی اور بیٹی جاں بحق، جبکہ ایک بیٹی زخمی ہوگئی، گجرات میں چھت گرنے سے 3 بہن بھائی دم توڑ گئے، جن میں 15 سالہ علی، 14 سالہ ایمان اور 13 سالہ فلک شیر شامل ہیں۔ قصور میں چھت گرنے سے 7 سالہ بچے سمیت 2 افراد چل بسے، حجرہ شاہ مقیم میں مکان کی چھت گرنے سے خاتون جاں بحق اور 4 ا (بقیہ نمبر 16)

امریکی صدر ٹرمپ نے چوتھی بار صدارتی الیکشن لڑنے کی خواہش ظاہر کر دی

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے چوتھی بار صدارتی الیکشن لڑنے کی خواہش ظاہر کر دی۔ واشنگٹن (بقیہ نمبر 14)

آبنائے ہرمز میں امریکی احکامات نہ ماننے والے 2 جہازوں کو ناکارہ بنا دیا، امریکی فوج

واشنگٹن (این این آئی) امریکا نے آبنائے ہرمز میں امریکی احکاما (بقیہ نمبر 15)

جیفری ایپسٹین کے نام ٹرمپ کا فحش خط منظر عام پر لانیوالے صحافیوں کیلئے ایوارڈ کا اعلان

نیویارک (این این آئی) بدنام زمانہ جیفری ایپسٹین کے نام امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا فحش خط منظر عام پر لانے والے (بقیہ نمبر 20)

چیف الیکشن کمشنر کی میرپور ڈویژن کے عوام سے انتخابات میں بھرپور شرکت کی اپیل

ووٹ دینا ہر شہری کا قومی، آئینی اور اسلامی فریضہ ہے اور حق رائے دہی کا استعمال ہی مضبوط جمہوریت کی ضمانت ہے، جسٹس غلام مصطفیٰ

مظفر آباد (این این آئی) چیف الیکشن کمشنر آزاد جموں و کشمیر جسٹس (ر) غلام مصطفیٰ مغل نے میرپور ڈویژن کے عوام سے 27 جولائی کو ہونے والے عام انتخابات میں (بقیہ نمبر 21)

ٹیکس چوری کے خلاف کارروائی ڈیٹا اور شواہد کی بنیاد پر مزید مؤثر انداز میں کی جائیگی، مشیر خزانہ

ٹیکس اصلاحاتی پروگرام کی کامیابی کے لیے تمام متعلقہ فریقوں سے مسلسل مشاورت اور تعاون ناگزیر ہے، خرم شہزاد

کاروباری برادری اور برآمد کنندگان کی مسابقت بڑھانے کے لیے اقدامات کیے گئے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ کے مشیر خرم شہزاد نے کہا ہے کہ ٹیکس چوری کے خلاف کارروائی ڈیٹا اور شواہد (بقیہ نمبر 19)

امریکا کا ایران کیساتھ کشیدگی بڑھنے پر اسلحہ ذخائر سے متعلق خدشات کا اظہار

واشنگٹن (این این آئی) امریکی نائب صدر جے ڈی وینس اور جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کے چیئرمین جنرل ڈین کین (بقیہ نمبر 18)

محسن نقوی نے تربت میں ایف سی کے جدید ترین ہسپتال کا افتتاح کر دیا

ڈاکٹرز، نرسز اور پیرامیڈیکس سے ملے اور دکھی انسانیت کی بھرپور خدمت کی تلقین کی، آئی جی ایف سی کی بریفنگ

تربت (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے تربت میں فرنٹیئر کور بلوچستان (ساؤتھ) ہیڈ کوارٹرز کے دورے کے دوران ایف سی کے جدید ترین ہسپتا (بقیہ نمبر 17)

لاہور: صوبائی دارالحکومت میں غروب آفتاب کا خوبصورت منظر

پاکستانی بندرگاہیں وسطی ایشیائی ممالک کی توجہ کا مرکز، بحری تجارتی شعبے میں سرمایہ کاری کی خواہش

قزاقستان نے کراچی اور گوادر بندرگاہوں کے استعمال جبکہ ازبکستان نے آف ڈاک ٹرمینلز کی تعمیر میں دلچسپی ظاہر کر دی

ازبکستان اور پاکستان کے درمیان گوادر تک ریل اور سڑک کے نیٹ ورک کی توسیع، تجارتی راہداریوں کی بہتری اور آف ڈاک ٹرمینلز کی تعمیر سے متعلق اہم مشاورت ہوئی ہے

کراچی (این این آئی) وسطی ایشیائی ریاستوں کو پاکستانی بندرگاہوں کی جانب راغب کرنے کی کوششوں میں اہم پیش رفت سامنے آئی ہے، جہاں قزاقستان، ازبکستان اور ترکمانستان نے گوادر اور کراچی بندرگاہوں کے ذریعے تجارتی روابط بڑھانے اور بحری شعبے میں سرمایہ کاری میں دلچسپی کا اظہار کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق قزاقستان نے پاکستانی بحری شعبے میں (بقیہ نمبر 22)

ایران سے ایل پی جی کی سپلائی میں کمی طلب کا مسئلہ پیدا ہو رہا ہے، ایل پی جی ڈیلر

ایران سے انتہائی قلیل ایل پی جی موصول ہو رہی ہے، جس سے طلب کا مسئلہ پیدا ہو رہا ہے، شوکت عیسیٰ زئی

براستہ تفتان یومیہ ایران سے ایل پی جی کے 5 سے 10 باوزر آ رہے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) تفتان کے راستے ایران سے لیکویفائیڈ پیٹرولیم گیس کی سپلائی میں خاطر خواہ کمی آئی ہے۔ کوئٹہ سے ایل پی جی ڈیلر شوکت عیسیٰ زئی کے مطابق براستہ تفتان یومیہ ایران سے ایل پی جی کے 5 سے 10 باوزر آ رہے ہیں، ایران سے (بقیہ نمبر 33)

بھارت، سابق وفاقی وزیر کی بیٹی نے بینک منیجر کو تھپڑ مار دیا

قانون کی مختلف دفعات کے تحت مقدمہ درج کر کے مزید تحقیقات شروع کر دیں، پولیس

چنئی (این این آئی) بھارت میں سابق وفاقی وزیر کی بیٹی نے اسٹیٹ بینک کے برانچ منیجر کو تھپڑ مار دیا، جس پر اس کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا۔ بھارتی شہر چنئی میں (بقیہ نمبر 23)

لاہور: صدر لاہور چیمبر فہیم الرحمٰن سہگل کو سائنز جیا گلوبل کے کنٹری ڈائریکٹر حامد اللہ خان یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں

ہولی فیملی ہسپتال میں نومولود بچی کا انگوٹھا کٹنے کا واقعہ، خاتون نرس ذمہ دار قرار

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کے ہولی فیملی ہسپتال میں 23 دن کی بچی کا انگوٹھا کٹنے کے واقعے کی انکوائری مکمل (بقیہ نمبر 24)

آزاد کشمیر میرپور ڈویژن کے 3 اضلاع کے 13 حلقوں میں پولنگ (آج) پیر کو ہوگی

مظفر آباد (این این آئی) آزاد کشمیر میرپور ڈویژن کے 3 اضلاع (بقیہ نمبر 25)

ایک ایرانی خفیہ یونٹ برطانیہ میں اپنے افراد کو داخل کرا رہا، تحقیق

تہران/لندن (این این آئی) برطانوی اخبار کی ایک تحقیقاتی رپورٹ (بقیہ نمبر 26)

نارووال: وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال گورنمنٹ اسلامیہ کالج نارووال کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

جتنی تنخواہ کہو دیتا ہوں، اپنا جوان بچہ سرحدوں کی حفاظت کیلئے بھیجو عباسی: حنیف

کشمیری عوام نواز شریف سے محبت رکھتے ہیں، ملک کے تمام بڑے منصوبوں کے پیچھے مسلم لیگ ن کا نام ہے

کھیل اور تعلیم سمیت ہر شعبے میں ترقی مسلم لیگ ن کے دور میں ہوئی، سرحدوں کی حفاظت پر مامور جوان وطن کیلئے اپنی جان دیتا ہے

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے پاک فوج کے خلاف بیان بازی کرنے والوں کو چیلنج کیا ہے کہ جتنی تنخواہ کہو میں دیتا ہوں، اپنا جوان بچہ سرحدوں کی حفاظت کیلئے بھیجو۔ راولپنڈی میں ریلی سے خطاب کرتے ہوئے حنیف عباسی نے کہا کہ کشمیری عوام نواز شریف سے محبت رکھتے ہیں، ملک کے تمام بڑے منصوبوں کے پیچھے مسلم لیگ ن کا نام ہے۔ وفاقی وزیر کا مزید کہنا تھا کہ کھیل اور تعلیم سمیت ہر شعبے میں ترقی مسلم لیگ ن کے دور میں ہوئی، سرحدوں کی حفاظت پر مامور جوان وطن کیلئے اپنی جان دیتا ہے۔

چین، پاکستان کی عسکری طاقت کا خوف، بھارت نے بحری بیڑے میں اضافہ تیز کر دیا

صحیح محرکات کو دیکھتے ہوئے ہم اس اعداد و شمار سے بھی تجاوز کر سکتے ہیں، سابق ایڈمرل

بھارت کا 2047 تک جہاز سازی میں مکمل خود انحصاری حاصل کرنے کا منصوبہ ہے

نئی دہلی (این این آئی) چین اور پاکستان سے دشمنی میں بھارت کا جنون بڑھتا جا رہا ہے جس کا ثبوت 2035 تک بھارتی نیوی میں 200 جنگی جہازوں کی شمولیت کا منصوبہ ہے۔ ساتھ چائنا مارننگ پوسٹ کے مطابق ہر چھ ہفتے یا اس کے بعد بھارتی شپ یارڈ ایک (بقیہ نمبر 32)

امریکہ کا ایرانی افزودہ یورینیم پر قبضہ کرنے کے لیے بڑے آپریشن پر غور

واشنگٹن (این این آئی) ایک امریکی رپورٹ نے ذرائع اور ماہرین کے حوالے سے انکشاف کیا ہے کہ اگر ایرانی جوہری پروگرام سے متعلق سفارتی راستہ ناکام ہو جاتا ہے، تو امریکہ ایران کی محفوظ جوہری (بقیہ نمبر 31)

ایرانی حملوں میں 200 سے زائد امریکی فوجی ہلاک ہوئے، پاسداران انقلاب

حملوں میں 17 جاسوس اور آپریشنل ڈرونز بھی تباہ کیے گئے، جن میں 8 بالکل نئے ڈرونز بھی شامل تھے، ترجمان

تہران (این این آئی) ایرانی پاسداران انقلاب کے ترجمان جنرل حسین مجی نے دعوی کیا ہے کہ اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کی خلاف ورزی کے بعد سے ایران کے جوابی حملوں میں 200 سے زائد امریکی فوجی ہلاک ہوئے ہیں جبکہ زخمیوں کی تعداد اس سے کہیں زیادہ ہے۔ ایرانی میڈیا کو دیئے گئے انٹرویو میں جنرل حسین مجی نے امریکی ہلاکتوں سے متعلق واشنگٹن کے اعداد و شمار کو سراسر جھوٹ قرار دیا۔ انہوں نے دعوی کیا کہ ایرانی حملوں میں خطے میں (بقیہ نمبر 30)

استنبول بار ایسوسی ایشن کا پاکستان کی مختلف بار کونسلز سے قانونی تعاون کے فروغ کیلئے معاہدہ

انسانی حقوق، قانونی تعلیم، عدالتی تعاون کے شعبوں میں 5 سال تک مشترکہ اقدامات اٹھائے جائینگے

معاہدے میں نوجوان وکلاء کی تربیت، مشترکہ سیمینارز اور بارز کے باہمی دوروں پر بھی اتفاق کیا گیا

لاہور (این این آئی) پاکستان بار کونسل، پنجاب بار کونسل اور استنبول بار ایسوسی ایشن کے درمیان قانون سازی، انسانی حقوق، قانونی تعلیم، عدالتی تعاون اور وکلاء کی پیشہ ورانہ تربیت سمیت مختلف شعبوں میں باہمی تعاون کے فروغ کے لئے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کر دیئے گئے۔ معاہدے کے تحت پاکستان اور ترکیہ کے وکلاء بالخصوص نوجوان وکلاء کی تربیت اور پیشہ ورانہ استعداد میں اضافے کیلئے مشترکہ پروگرامز کا انعقاد کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ قانونی تعلیم کے فروغ، مشترکہ سیمینارز اور کانفرنسز کے انعقاد، بار ایسوسی ایشنز اور بار کونسلز کے وفود کے باہمی تبادلوں، مشترکہ دوروں اور وکلاء کی فلاح و بہبود کے مختلف منصوبوں میں تعاون کیا جائے گا۔ اس موقع پر وائس چیئرمین پنجاب بار کونسل خواجہ قیصر بٹ نے کہا کہ پاکستان بار کونسل، پنجاب بار کونسل اور استنبول بار ایسوسی ایشن کے درمیان ہونے والی مفاہمتی یادداشت دونوں ممالک کی وکلاء برادری کے درمیان دیرینہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کی جانب اہم پیشرفت ہے۔ معاہدے کے نتیجے میں پنجاب کے وکلاء (بقیہ نمبر 28)

یونیسکو کی مغربی کنارے کے تاریخی مقام کی نامزدگی اسرائیلی دباؤ روک دے گی، فلسطینیوں کو امید

شمالی مغربی کنارے میں سبسطیہ میں کم از کم نویں صدی قبل کے آثار قدیمہ کی باقیات موجود ہیں، یونیسکو

یونیسکو کا فیصلہ زمین سے یہودیوں کے روابط کا نشان مٹانے کی فلسطینی مہم کا حصہ ہے

غزہ (این این آئی) فلسطینی حکام نے مقبوضہ مغربی کنارے میں سبسطیہ کو یونیسکو کی جانب سے عالمی ثقافتی ورثہ قرار دینے کا خیر مقدم کیا اور امید ظاہر کی کہ یہ اسرائیل کو قدیم گاؤں پر اپنا کنٹرول بڑھانے سے روکے گا جبکہ اسرائیل نے اسے سیاسی فیصلہ قرار دیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے نے بتایا کہ اقوام متحدہ کی ثقافتی تنظیم یونیسکو کے مطابق شمالی مغربی کنارے میں سبسطیہ میں کم از کم نویں صدی قبل مسیح میں اسرائیلی سلطنت کے دارالحکومت سے (بقیہ نمبر 29)

لاہور: سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر احسان بھٹہ کمیٹی روم میں حضرت علی ہجویری کے سالانہ عرس مبارک کے انتظامات کو حتمی شکل دینے کیلئے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ممکنہ سیلاب سے نمٹنے کیلئے اہم اجلاس منعقد

سوشل ویلفیئر اور فلاحی اداروں کا مشترکہ تعاون پر اتفاق

جلال پور بھٹیاں (چوہدری طاہر محمود ارائیں) گزشتہ روز اسسٹنٹ ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال پنڈی بھٹیاں محمد کریم کی زیرِ صدارت دفتر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال میں ممکنہ سیلابی صورتحال کے پیش نظر ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں پنڈی بھٹیاں کی مختلف مقامی فلاحی تنظیموں (این جی اوز) کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس کا بنیادی مقصد ممکنہ ہنگامی سیلابی صورتحال سے مؤثر انداز میں نمٹنے کے لیے مشترکہ لائحہ عمل مرتب کرنا اور محکمہ سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال اور فلاحی اداروں کے درمیان باہمی تعاون کو مزید مضبوط بنانا تھا۔ اجلاس کے دوران اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ کسی بھی ہنگامی سیلابی صورتحال کی صورت میں تمام فلاحی ادارے محکمہ سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال کے ساتھ مکمل تعاون کریں گے تاکہ متاثرہ افراد کو بروقت خوراک، طبی سہولیات، صاف پانی، ادویات اور دیگر بنیادی ضروریاتِ زندگی کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔ اجلاس میں شریک فلاحی تنظیموں میں مہک ویلفیئر سوسائٹی نواں شہر، فاطمۃ الزہراء ویلفیئر سوسائٹی پنڈی بھٹیاں، انجمن اصلاح المسلمین پنڈی بھٹیاں اور عالماں بی بی ویلفیئر سوسائٹی پنڈی بھٹیاں کے نمائندگان شامل تھے، جنہوں نے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کروائی۔

معروف شاعر محمد عظمت مغل انتقال کر گئے

پوٹھوہاری ادب، ریڈیو پاکستان سے وابستہ شخصیت سپرد خاک

راولپنڈی (اکرام الحق قریشی) خطہ پوٹھوہار کے نامور شاعر، ادیب اور ریڈیو پاکستان راولپنڈی کے مقبول پروگرام جمہوری واز کے کمپیئر محمد عظمت مغل طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے انہوں نے معرکہ حق کے لئے نغمہ (پاک وطن اے پاکستان) کے شاعر بھی تھے۔ وہ بہت عرصے سے ریڈیو پاکستان راولپنڈی سے وابستہ تھے پوٹھوہاری زبان کی خدمت میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے رہے۔ پوٹھوہاری ادبی حلقوں میں بہت مقبول تھے۔ انکی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی نماز جنازہ گاؤں جو چھ ممدوٹ میں ادا کی گئی جس میں کے یو آئی کے صوبائی رہنما مولانا احسان اللہ چکیالوی، راجہ صفدر کیانی، معروف شاعر فرزند ہاشمی، چوہدری زین العابدین عباس، راجہ ظفر محمود، چوہدری شاہد گجر، عابد زاھدی، عاطف اعجاز بٹ، تنویر اختر شیرازی، نمبردار عصمت اللہ، راجہ سعید، مسعود احمد بھٹی، عابد جنجوعہ، طاہر عزیز طاہر، ادریس العزیز، سید حامد علی شاہ، جاوید چشتی ایڈووکیٹ، چوہدری عرفان ایڈووکیٹ، راجہ شاھد محمود، راجہ زعفران، عبدالرحمان واصف، ڈاکٹر خالد محمود، راجہ مجید احمد، نقاش کیانی، راجہ ناصر منہاس، خان شبیر خان، شیخ خورشید احمد، عثمان وڑائچ، اکرام الحق قریشی، شیخ ثاقب شبیر ثانی، راجہ اعجاز و دیگر نے شرکت کی

وقار بابر مغل کا صحافیوں کے اعزاز میں استقبالیہ

صحافتی اتحاد، پیشہ ورانہ مہارت اور مستقبل کے چیلنجز پر گفتگو

راولپنڈی (اکرام الحق قریشی) برطانیہ کے معروف صحافی وقار بابر مغل نے دورہ پاکستان کے موقع پر صحافیوں کے اعزاز میں استقبالیہ دیا جس میں طارق بٹ، آصف علی شاہ، چوھدری ارشد،، اکرام الحق قریشی، عابد زاھدی، راجہ محمد سعید، قیصر اقبال ادریسی، شیخ ثاقب شبیر ثانی، شیخ قمر اسلام، جاوید اقبال، یاسر ملک، منیر چشتی، عبدالعزیز پاشا، محمد مقصود، پرویز اقبال وکی، جواد مجید، شہباز رشید سمیت دیگر نے شرکت کی۔ وقار بابر مغل نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صحافیوں کی عزت وقار اور احترام ان کی پیشہ وارانہ امور میں مہارت اور باہمی اتحاد میں مضمر ہے انہیں خود کو مستقبل کے چیلنجوں کے لیئے تیار رکھنا ہوگا

کہوٹہ میں ریسکیو 1122 کی واٹر مشق

مون سون سیلابی صورتحال سے نمٹنے کیلئے تیاریوں کا عملی مظاہرہ

کہوٹہ (ندیم آزاد) مون سون ایمرجنسی سے نمٹنے کی تیاری، اسسٹنٹ کمشنر کہوٹہ شیریں گل کی زیر نگرانی ریسکیو 1122 کی واٹر ریسکیو موک ایکسرسائز کا انعقاد تحصیل کہوٹہ میں مون سون بارشوں کے دوران ممکنہ سیلابی صورتحال اور ندی نالوں میں طغیانی سے نمٹنے کی تیاریوں کے سلسلے میں اسسٹنٹ کمشنر کہوٹہ شیریں گل کی زیر نگرانی ریسکیو 1122 کہوٹہ کی جانب سے نالہ لنگ تنگی ڈیم پر واٹر ریسکیو موک ایکسرسائز کا انعقاد کیا گیا۔ اس مشق کا مقصد ریسکیو اہلکاروں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا عملی مظاہرہ، مون سون کے دوران پانی میں پھنسے افراد کو محفوظ طریقے سے نکالنے، ڈوبنے والے افراد کو بروقت بچانے اور خدانخواستہ جاں بحق ہونے والوں کی تلاش اور ریکوری کے طریقہ کار کا عملی جائزہ لینا تھا۔ موک ایکسرسائز کے دوران ریسکیو 1122 کی واٹر ریسکیو ٹیم نے خصوصی کشتیوں، لائف جیکٹس، ریسکیو رسیوں اور دیگر جدید آلات کی مدد سے فرضی آپریشن کرتے ہوئے پانی میں ڈوبنے والے افراد کو محفوظ مقام پر منتقل کرنے، ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے اور ہنگامی صورتحال میں فوری ردعمل کا عملی مظاہرہ پیش کیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر کہوٹہ شیریں گل نے ریسکیو 1122 کی پیشہ ورانہ مہارت، بروقت تیاری اور عوامی جان و مال کے تحفظ کے لیے کیے جانے والے اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ مون سون کے موسم میں ضلعی انتظامیہ ہر ممکن صورتحال سے نمٹنے کے لیے مکمل طور پر الرٹ ہے۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ بارشوں کے دوران ندی نالوں، برساتی پانی اور ڈیموں کے قریب جانے سے گریز کریں، بچوں کو پانی کے قریب نہ جانے دیں اور کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری طور پر ریسکیو 1122 کو اطلاع دیں۔ ریسکیو حکام کا کہنا تھا کہ ایسی موک ایکسرسائز کا مقصد اداروں کی تیاری کا جائزہ لینا، آپس میں رابطہ مزید مؤثر بنانا اور کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری اور مؤثر ریسپانس کو یقینی بنانا ہے تاکہ قیمتی انسانی جانوں کا تحفظ ممکن بنایا جا سکے۔ مون سون نے شہریوں سے احتیاطی تدابیر اختیار کرنے اور سرکاری ہدایات پر عمل کرنے کی بھی تاکید کی ہے تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے بچا جا سکے۔

تمام جان بچانے والی ادویات کا وافر ذخیرہ یقینی بنایا جائے، شارٹیج ہرگز قابل قبول نہیں: چیف ڈرگ کنٹرولر گلگت بلتستان

سکردو (پ ر): چیف ڈرگ کنٹرولر گلگت بلتستان ویکسٹری کوالٹی کنٹرول ڈرگ، ڈاکٹر عبیداللہ گل نے کہا ہے کہ حالیہ سیلاب اور ہنگامی صورتحال کے پیش نظر جان بچانے والی ادویات کی کسی بھی قسم کی قلت یا شارٹیج ہرگز قابل قبول نہیں۔ تمام ملٹی نیشنل اور نیشنل فارماسیوٹیکل کمپنیوں کے ڈسٹری بیوٹرز اپنی ذمہ داری کا احساس کرتے ہوئے ضروری اور جان بچانے والی ادویات کا وافر ذخیرہ یقینی بنائیں تاکہ عوام کو بلاتعطل ادویات کی فراہمی جاری رہے۔ یہ ہدایات انہوں نے ڈرگ آفس بلتستان میں بلتستان ریجن میں کام کرنے والی ملٹی نیشنل اور نیشنل فارماسیوٹیکل کمپنیوں کے ڈسٹری بیوٹرز کے ساتھ منعقدہ ایک اہم اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے جاری کیں۔ اجلاس میں ڈاکٹر حمایت حسین سمیت متعلقہ حکام اور ڈسٹری بیوشن کمپنیوں کے نمائندوں نے بھی شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر عبیداللہ گل نے کہا کہ گلگت بلتستان میں حالیہ بارشوں اور سیلابی صورتحال کے باعث کئی علاقوں میں سڑکوں کی بندش اور نقل و حمل میں مشکلات پیدا ہوئی ہیں۔ ایسے حالات میں ادویات کی بروقت فراہمی کو یقینی بنانا نہایت ضروری ہے تاکہ کسی بھی ہنگامی طبی صورتحال میں مریضوں کو علاج معالجے میں دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے تمام ڈسٹری بیوٹرز کو ہدایت کی کہ وہ اپنی سپلائی چین کو فعال رکھیں، تمام ڈرگ اسٹورز، ہسپتالوں اور طبی مراکز میں جان بچانے والی ادویات کی مسلسل دستیابی یقینی بنائیں اور کسی بھی ممکنہ قلت سے بچنے کے لیے پیشگی انتظامات مکمل کریں۔ چیف ڈرگ کنٹرولر نے کہا کہ قدرتی آفات اور ہنگامی حالات میں عوام کو طبی سہولیات کی فراہمی ہم سب کی مشترکہ قومی ذمہ داری ہے۔ اس موقع پر کسی بھی قسم کی غفلت یا لاپروائی ناقابل قبول ہوگی، لہٰذا تمام متعلقہ ادارے اور ڈسٹری بیوشن کمپنیاں باہمی تعاون کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں پوری کریں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ محکمہ ڈرگ کنٹرول گلگت بلتستان صورتحال کی مسلسل نگرانی کر رہا ہے اور ادویات کی فراہمی میں رکاوٹ پیدا ہونے کی صورت میں فوری اقدامات کیے جائیں گے تاکہ عوام کو بروقت اور معیاری طبی سہولیات میسر آسکیں۔

آئی جی اسلام آباد کا عوامی خدمت اور جدید پولیسنگ مزید مؤثر بنانے پر زور

سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت اجلاس، شفاف بھرتیوں، سکیورٹی اور کارکردگی بہتر بنانے کے لیے افسران کو اہداف سونپ دیے

اسلام آباد (پی پی اے) انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے عوامی خدمت کی فراہمی، جدید پولیسنگ، شفاف بھرتیوں اور مؤثر سکیورٹی انتظامات کو مزید بہتر بنانے پر زور دیتے ہوئے سینئر افسران کو مقررہ ٹائم فریم کے ساتھ اہم ذمہ داریاں سونپ دیں تفصیلات کے مطابق آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈی جی سیف سٹی ڈی آئی جی ٹریفک محمد ہارون جوئیہ، ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق، ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز محمد عتیق طاہر اور ڈی آئی جی سکیورٹی رانا عمر فاروق نے شرکت کی اجلاس میں پبلک سروس ڈیلیوری کو مزید مؤثر بنانے اسلام آباد پولیس کے ریکروٹمنٹ نظام میں شفافیت اور میرٹ کو یقینی بنانے شہریوں کے جان و مال کے تحفظ سکیورٹی انتظامات کو مضبوط بنانے، جدید پولیسنگ کے فروغ اور مجموعی کارکردگی میں بہتری سے متعلق مختلف امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اس موقع پر آئی جی اسلام آباد نے تمام سینئر افسران کو واضح ٹائم فریم کے ساتھ اہم اہداف اور ٹاسکس تفویض کرتے ہوئے ہدایت کی کہ مقررہ اہداف بروقت مکمل کیے جائیں تمام اقدامات کی باقاعدہ نگرانی کی جائے اور ہر شعبے کی کارکردگی کو مزید مؤثر شفاف اور عوام دوست بنایا جائے سید علی ناصر رضوی نے کہا کہ شہریوں کو معیاری اور بروقت خدمات کی فراہمی، میرٹ پر مبنی بھرتیوں، مؤثر سکیورٹی اقدامات اور جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کے ذریعے پولیسنگ کے نظام کو مزید مضبوط بنایا جائے جبکہ فرائض کی انجام دہی میں پیشہ ورانہ مہارت جوابدہی اور شفافیت کو ہر سطح پر یقینی بنایا جائے

عالمی انڈیکس میں پاکستانی پاسپورٹ دو درجے بہتر 101 ویں نمبر پر

گرین پاسپورٹ ہولڈرز کو 92 ممالک میں ویزا فری یا آسان سفری رسائی حاصل



تشخص کو مزید مضبوط بنانے کی ضرورت ہے

اسلام آباد (پی پی اے) پاکستانی پاسپورٹ کی عالمی درجہ بندی میں معمولی بہتری ریکارڈ کی گئی ہے جس کے بعد گرین پاسپورٹ دو درجے ترقی کرتے ہوئے 103 ویں سے 101 ویں نمبر پر آ گیا ہے تازہ عالمی انڈیکس کے مطابق پاکستانی پاسپورٹ رکھنے والے شہری اب 29 ممالک یا خطوں میں پیشگی ویزا کے بغیر یا متعلقہ سہولت کے تحت سفر کر سکتے ہیں جس سے پاکستانی شہریوں کے لیے بین الاقوامی سفر کے مواقع میں معمولی اضافہ ہوا ہے اگرچہ درجہ بندی میں بہتری آئی ہے تاہم پاکستانی پاسپورٹ اب بھی دنیا کے کمزور ترین پاسپورٹس میں شمار ہوتا ہے اور اس کی پوزیشن صرف عراق شام اور افغانستان سے بہتر بتائی گئی ہے ماہرین کے مطابق پاسپورٹ کی عالمی درجہ بندی میں مزید بہتری کے لیے بین الاقوامی سفارتی تعلقات دوطرفہ ویزا معاہدوں اور عالمی سطح پر پاکستان کے مثبت

راجہ جبران صفدر کیانی کا سیاست چھوڑنے اعلان

مسلم لیگ ن سے علیحدگی، عوامی خدمت جاری رکھنے کا عزم

راولپنڈی (اکرام الحق قریشی) مسلم لیگ ن کے یوسی بھلاکھر سے سرگرم رہنما راجہ جبران صفدر کیانی نے مسلم لیگ ن سے علیحدگی اختیار کرتے ہوئے سیاست ہی چھوڑنے کا اعلان کر دیا انہوں نے کہا کہ وہ مسلم لیگ ن سے الگ ہوتے ہوئے سیاست سے بھی توبہ کر رہے ہیں مجبور بیکس لوگوں کی خدمت کے لیئے کسی سیاسی جماعت میں شمولیت ضروری نہیں وہ یہ کام خود بھی کرتے رہیں گے اپنی مدد آپ کے تحت برساتی نالے پر پل تعمیر کیا گلیات کی تعمیر کی تعمیر و ترقی کے کام اپنی بساط کے مطابق اپنی مدد آپ کے تحت جاری رکھیں گے راجہ جبران صفدر کیانی ہمیشہ مسلم لیگ ن پر جان وارتے رہے مگر انہیں نظر انداز کرنے اور ترقی منصوبوں سے مسلسل محروم رکھنے اور ارکان اسمبلی کی جانب سے کئے گئے کسی ایک بھی وعدے کی تعمیل نہ ہونے پر یہ دل برداشتہ ہو کر سیاست ہی ترک کرنے پر مجبور ہو گئے۔

وقار بابر مغل کا صحافیوں کے اعزاز میں استقبالیہ

صحافتی اتحاد، وقار اور مستقبل کے چیلنجز پر اظہار خیال

راولپنڈی (اکرام الحق قریشی) برطانیہ کے معروف صحافی وقار بابر مغل نے دورہ پاکستان کے موقع پر صحافیوں کے اعزاز میں استقبالیہ دیا جس میں طارق بٹ، آصف علی شاہ، چوھدری ارشد،، اکرام الحق قریشی، عابد زاھدی، راجہ محمد سعید، قیصر اقبال ادریسی، شیخ ثاقب شبیر ثانی، جاوید اقبال، منیر چشتی، عبدالعزیز پاشا، محمد مقصود، پرویز اقبال وکی، جواد مجید، شہباز رشید سمیت دیگر نے شرکت کی۔ وقار بابر مغل نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صحافیوں کی عزت وقار اور احترام ان کی پیشہ وارانہ امور میں مہارت اور باہمی اتحاد میں مضمر ہے انہیں خود کو مستقبل کے چیلنجوں کے لیئے تیار رکھنا ہوگا

نثار تنویر شیرازی شوہر سمیت عمرہ کر کے واپس

مسلم لیگ ن رہنما نے عمرہ سعادت کے بعد وطن واپسی کی

راولپنڈی (اکرام الحق قریشی) مسلم لیگ ن شعبہ خواتین ضلع راولپنڈی کی صدر سابق رکن قومی اسمبلی محترمہ نثار تنویر شیرازی اپنے شوہر چوہدری تنویر شیرازی کے ہمراہ عمرے کی سعادت حاصل کر کے وطن لوٹ آئے

کہوٹہ انتظامیہ کا مون سون حفاظتی اقدامات پر زور

ڈیم کناروں پر نگرانی، مچھلی پکڑنے والوں کے آلات ضبط

کہوٹہ (ندیم آزاد) اسسٹنٹ کمشنر کہوٹہ شریں گل کی ہدایات کے مطابق مون سون بارشوں کے باعث ندی نالوں میں ممکنہ طغیانی اور خطرناک صورتحال کے پیش نظر عوام کی جان و مال کے تحفظ کے لیے خصوصی حفاظتی اقدامات جاری ہیں۔ اس سلسلے میں چیف آفیسر میونسپل کمیٹی کہوٹہ صائمہ تحریم نے بھی مختلف علاقوں کا دورہ کیا اور حفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا۔ ضلعی انتظامیہ نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ مون سون کے دوران ندی نالوں، برساتی گزرگاہوں، کھلے پانی کے مقامات اور ڈیموں کے اطراف نہانے، مچھلی پکڑنے، پکنک منانے یا کسی بھی قسم کی غیر ضروری سرگرمی سے مکمل گریز کریں تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے بچا جا سکے۔ اسی سلسلے میں کہوٹہ انتظامیہ انفورسمنٹ انسپکٹر راجہ عامر اشتیاق، راجہ اسرار الحق، بابر عنایت اور شاہد عمران نے نالہ لنگ اور تنگی ڈیم کے اطراف خصوصی چیکنگ اور نگرانی کی۔ کارروائی کے دوران ڈیم کے کنارے مچھلی پکڑنے میں مصروف افراد کو موقع پر روکا گیا۔ انتظامیہ نے انہیں پہلی اور آخری وارننگ جاری کرتے ہوئے آئندہ ایسی سرگرمی سے باز رہنے کی سخت تنبیہ کی، جبکہ مچھلی پکڑنے کے لیے استعمال ہونے والے آلات بھی ضبط کر لیے گئے۔ اسسٹنٹ کمشنر کہوٹہ شریں گل نے واضح ہدایات جاری کی ہیں کہ آئندہ اگر کوئی شخص حکومتی احکامات اور حفاظتی ہدایات کی خلاف ورزی کرتے ہوئے ندی نالوں یا ڈیموں کے اطراف خطرناک سرگرمیوں میں ملوث پایا گیا تو اس کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انتظامیہ نے عوام سے ایک بار پھر اپیل کی ہے کہ مون سون کے دوران احتیاطی تدابیر اختیار کریں، غیر ضروری طور پر پانی کے قریب جانے سے گریز کریں اور کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری طور پر متعلقہ اداروں یا ریسکیو 1122 کو اطلاع دیں تاکہ قیمتی انسانی جانوں کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔

پی ایس ایل 2027 کا آئی پی ایل سے دوبارہ ٹکراؤ متوقع

مارچ کے آخری ہفتے سے مئی تک دونوں بڑی ٹی20 لیگز ساتھ جاری رہنے کا امکان

اسلام آباد (پی پی اے) ذرائع کے مطابق پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) 2027 کا انعقاد مارچ کے آخری ہفتے سے مئی کے آغاز تک متوقع ہے، جس کے باعث ایک بار پھر اس کا شیڈول انڈین پریمیئر لیگ آئی پی ایل سے ٹکرا سکتا ہے ذرائع کا کہنا ہے کہ پی ایس ایل اور آئی پی ایل کو الگ الگ ونڈوز میں کرانے سے متعلق گردش کرنے والی خبریں درست نہیں ہیں جبکہ موجودہ منصوبہ بندی کے مطابق دونوں بڑی ٹی20 لیگز ایک ہی عرصے میں منعقد ہونے کا امکان ہے اگر مجوزہ شیڈول برقرار رہا تو دنیا بھر کے کرکٹ شائقین کو ایک بار پھر بیک وقت دونوں بڑی ٹی 20 لیگز کے دلچسپ مقابلے دیکھنے کا موقع ملے گا اب توجہ اس بات پر مرکوز ہے کہ پی ایس ایل 2027 میں کون سے بڑے بین الاقوامی کھلاڑی ایکشن میں نظر آئیں گے اور لیگ عالمی سطح پر اپنی مقبولیت اور ساکھ کو مزید کس حد تک مضبوط بناتی ہے

پاکستان بیلاروس اقتصادی، دفاعی اور تجارتی تعاون بڑھانے پر متفق

اسحاق ڈار بیلاروسی وزیر خارجہ کی ملاقات مشترکہ کمیشن اور تعاون روڈ میپ پر اتفاق

اسلام آباد (پی پی اے) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کرغزستان کے شہر چوپلون آتا میں شنگھائی تعاون تنظیم ایس سی او کے اجلاس کے موقع پر بیلاروس کے وزیر خارجہ میکسم ریژینکوف سے ملاقات کی جس میں دونوں ممالک کے دوطرفہ تعلقات کا جامع جائزہ لیا گیا اور مختلف شعبوں میں تعاون مزید مستحکم کرنے کے عزم کا اعادہ کیا گیا ملاقات کے دوران دونوں رہنماؤں نے 11 اور 12 اگست 2026 کو اسلام آباد میں ہونے والے پاک۔ بیلاروس مشترکہ وزارتی کمیشن کے اجلاس کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا اس موقع پر اقتصادی و تجارتی تعاون دفاع زراعت ٹیکنالوجی اور افرادی قوت کے تبادلے سمیت مختلف شعبوں میں شراکت داری کو مزید وسعت دینے کے طریقوں پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق دونوں فریقین نے 2025 تا 2027 کے جامع تعاون کے روڈ میپ پر مؤثر عملدرآمد کے عزم کا اعادہ کیا جبکہ علاقائی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر بھی تفصیلی گفتگو کی گئی بیلاروس کے وزیر خارجہ میکسم ریژینکوف نے امریکا اور ایران کے درمیان مکالمے کے فروغ میں پاکستان کے تعمیری کردار کو سراہتے ہوئے خطے میں امن و استحکام کے لیے پاکستان کی مسلسل سفارتی کوششوں کی بھی تعریف کی واضح رہے کہ حالیہ عرصے میں پاکستان اور وسطی ایشیا سمیت یورپی شراکت دار ممالک کے ساتھ سفارتی و اقتصادی تعلقات میں نمایاں پیش رفت دیکھنے میں آئی ہے اور پاکستان مختلف شعبوں میں طویل المدتی تعاون کو فروغ دینے کی پالیسی پر عمل پیرا ہے

ایشین ہاکی فائیوز چیمپئن شپ بھارت نے پاکستان کو ہرا کر ٹائٹل جیت لیا

فائنل میں بھارت کی 3-1 سے کامیابی پاکستان سلور میڈل کا حق دار قرار پایا

مسقط (پی پی اے) ایشین ہاکی فائیوز چیمپئن شپ 2026 کے سنسنی خیز فائنل میں بھارت نے روایتی حریف پاکستان کو 3-1 سے شکست دے کر گولڈ میڈل اور چیمپئن شپ کا ٹائٹل اپنے نام کر لیا جبکہ پاکستان سلور میڈل کے ساتھ رنر اپ رہا فائنل میں دونوں ٹیموں نے جارحانہ اور معیاری کھیل پیش کیا تاہم بھارتی ٹیم نے بہتر حکمتِ عملی، مضبوط دفاع اور شاندار فنشنگ کی بدولت فیصلہ کن کامیابی حاصل کی پاکستان نے مقابلے میں بھرپور مزاحمت کی، لیکن اہم مواقع سے بھرپور فائدہ نہ اٹھا سکا بھارت نے میچ کے اہم لمحات میں اپنی برتری برقرار رکھتے ہوئے 3-1 سے کامیابی حاصل کی اور ایشین ہاکی فائیوز 2026 کا تاج اپنے سر سجا لیا، جبکہ پاکستان کو دوسرے نمبر پر اکتفا کرنا پڑا واضح رہے کہ دونوں روایتی حریفوں نے پورے ٹورنامنٹ میں عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے فائنل تک رسائی حاصل کی تھی، تاہم فیصلہ کن معرکے میں بھارت نے کامیابی حاصل کرتے ہوئے ایشین ہاکی فائیوز چیمپئن بننے کا اعزاز اپنے نام کر لیا

راولپنڈی پولیس کی مختلف کارروائیاں، متعدد ملزمان گرفتار

ون ویلرز، چور، ڈکیت اور اشتہاری ملزمان قانون کی گرفت میں

راولپنڈی (اکرام الحق قریشی) تھانہ صدر بیرونی پولیس نے ون ویلرز کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 16 افراد کو گرفتار کر لیا، زیر حراست افراد کے زیر استعمال 10 موٹر سائیکل بھی قبضہ پولیس میں لے لئے گئے، ملزمان کو مقدمہ درج کر کے گرفتار کر لیا گیا، تھانہ بنی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے اپارٹمنٹ میں چوری کی واردات کرنے والے شخص کو گرفتار کر لیا، تھانہ مورگاہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ڈکیتی کی واردات میں ملوث 2 رکنی گینگ کو گرفتار کر لیا، زیر حراست گینگ سے چھینا گیا موٹر سائیکل اور موبائل فون بھی برآمد ہوا، رتہ امرال پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری کو گرفتار کر لیا، اشتہاری سال 2023 سے پولیس کو مطلوب تھا، رتہ امرال پولیس نے ہیومین انٹیلی جنس سمیت تمام ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے اشتہاری کو گرفتار کر لیا، راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 08 افراد کو حراست میں لے کر 31 لیٹر سے زائد شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لی

ڈی سی میانوالی کا سیلابی علاقوں کا دورہ

حفاظتی بند، ریلیف کیمپس اور امدادی سرگرمیوں کا جائزہ لیا



میانوالی (امجد ہاشمی) ڈپٹی کمشنر شاہد عباس کاٹھیا کا اتوار کے روز متعلقہ افسران کے ہمراہ موچھ کے نواحی علاقہ محمد شریف والی کا دورہ۔ دورے کے دوران انھوں نے دریائے سندھ کے حفاظتی بند، فلڈ ریلیف کیمپس کا معائنہ کیا اور امدادی سرگرمیوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد شاہد کھوکھر، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ماجد بن احمد، اسسٹنٹ کمشنر میانوالی سلمان قیوم شیخ کے علاوہ دیگر متعلقہ محکموں کے افسران بھی ہمراہ تھے۔ اے ڈی سی آر نے ڈپٹی کمشنر کو بریفنگ میں بتایا کہ محمد شریف والی کے حفاظتی بند میں کسی قسم کا شگاف نہیں پڑا ہے تاہم پرانے بند سے ملحقہ فاصلے پر ایک نیا عارضی بند بھی تعمیر کیا جا رہا ہے تاکہ محمد شریف والی کی آبادی کو سیلاب سے محفوظ رکھا جا سکے۔ ڈپٹی کمشنر نے اس موقع پر مقامی آبادی کے مکینوں سے بھی ملاقات کی، ان کے مسائل سنے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ مقامی آبادی کو سیلاب سے بچانے کیلئے ہر ممکنہ کوششیں بروئے کار لا رہی ہے۔ انھوں نے محمد شریف والی کے مکینوں سے اپیل کی وہ انتظامیہ سے تعاون کریں اور عارضی طور پر محفوظ مقام پر منتقل ہو جائیں۔ ڈی سی نے مزید کہا کہ کچے کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں ریسکیو ٹیموں کی امدادی سرگرمیاں جاری ہیں۔ انھوں نے ریسکیو ٹیموں اور دیگر متعلقہ محکمے کے افسرن و عملے کو کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے 24 گھنٹے الرٹ رہنے کی ہدایت کی۔ بعدازاں ڈپٹی کمشنر شاہد عباس کاٹھیا نے گورنمنٹ ایلمنٹری سکول خان محمد والہ، گورنمنٹ ہائیر سکینڈری سکول موچھ اور گورنمنٹ ہائی سکول روکھڑی میں قائم ایمرجنسی فلڈ ریلیف کیمپس کا بھی معائنہ کیا اور وہاں پر فراہم کردہ سہولیات کا جائزہ لیا۔ انھوں نے فلڈ ریلیف کیمپس کے عملہ کو ہدایت کی ڈیوٹی روسٹر کے مطابق مکمل الرٹ رہیں۔

سندھ حکومت نے سالانہ اسپورٹس کیلنڈر کی منظوری دے دی

19ویں سندھ گیمز نومبر میں سکھر، سندھ پنک گیمز اکتوبر میں شہید بینظیر آباد میں ہوں گے

کراچی (پی پی اے) سندھ حکومت نے نئے مالی سال کے لیے سالانہ اسپورٹس کیلنڈر کی منظوری دے دی جس کے تحت سال بھر صوبے کے مختلف شہروں میں قومی اور روایتی کھیلوں کے متعدد بڑے مقابلے منعقد کیے جائیں گے صوبائی وزیر کھیل سردار محمد خان بخش مہر کے مطابق منظور شدہ کیلنڈر کے تحت 19ویں سندھ گیمز نومبر میں سکھر میں منعقد ہوں گے جبکہ سندھ پنک گیمز اور اسپیشل گیمز اکتوبر میں شہید بینظیر آباد میں ہوں گے۔ ای اسپورٹس چیمپئن شپ نومبر میں کراچی میں منعقد کی جائے گی انہوں نے بتایا کہ سندھ پنج گیمز دسمبر میں کراچی میں ہوں گے جبکہ تھر جیپ ریلی فروری 2027 میں منعقد کی جائے گی لیاری اسپورٹس فیسٹیول اپریل اور پنک فٹبال چیمپئن شپ مئی 2027 میں ہوگی صوبائی وزیر کے مطابق ڈونگی کارٹ ریس جون 2027 میں کراچی میں جبکہ جولائی میں بھٹ شاہ میں حضرت شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ کے عرس کے موقع پر آل پاکستان ملاکھڑا مقابلے منعقد ہوں گے پچل گوٹھ کراچی میں میگا ملاکھڑا اکتوبر میں کوہستان بیل گاڑی دوڑ نومبر میں ٹھٹہ میں جبکہ اقبال ڈے اسپورٹس فیسٹیول حیدرآباد میں منعقد کیا جائے گا انہوں نے مزید بتایا کہ شہید بینظیر آباد میں تخی جام ڈاتار کے عرس کے موقع پر ملاکھڑا اور کبڈی ٹورنامنٹ جبکہ سیہون شریف میں حضرت لعل شہبازؒ قلندرؒ کے عرس کے موقع پر آل پاکستان ملاکھڑا فروری 2027 میں ہوگا شطرنج چیمپئن شپ بھی حیدرآباد میں منعقد کی جائے گی سردار محمد خان بخش مہر کا کہنا تھا کہ نئے اسپورٹس کیلنڈر میں ٹرانسجینڈر افراد خصوصی افراد جامعات اور جیلوں تک کھیلوں کی سرگرمیوں کا دائرہ کار وسیع کر دیا گیا ہے اس کے علاوہ سندھ بھر میں ملاکھڑا کوڈی کبڈی شوٹنگ بال اور اسٹریٹ چلڈرن گیمز کے تحت فٹبال کرکٹ گلی ڈنڈا اور رسہ کشی جیسے کھیل بھی شامل کیے گئے ہیں انہوں نے کہا کہ مختلف کھیلوں کی ایسوسی ایشنز کو مالی معاونت فراہم کرنے کا بھی فیصلہ کیا گیا ہے تاکہ صحت مند سرگرمیوں کو فروغ دیا جا سکے اور ابھرتے ہوئے باصلاحیت کھلاڑیوں کو قومی و بین الاقوامی سطح پر اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے بہتر مواقع میسر آئیں

صدف امین کی سنچری رائیگاں سری لنکا نے پاکستان کو ہرا دیا

وشنی اور ہرشیتھا کی شاندار سنچریاں سیریز ایک ایک سے برابر ہوگئی

بقیہ | بقیہ جات | 1

شات پر تشویش کا اظہار کیا۔ وائٹ ہاؤس نے ابھی تک ان رپورٹس کی باضابطہ تصدیق نہیں کی، تاہم اس کا کہنا ہے کہ صدر ٹرمپ ہمیشہ سفارتی حل کو ترجیح دیتے ہیں۔ امریکی نیوز سائٹ ایگزیوس کے مطابق مریکی صدر نے سفارت کاری کو مزید موقع دینے کا فیصلہ کرتے ہوئے جمعے کے روز امریکی فوج کو ایران پر نئے حملے نہ کرنے کی ہدایت جاری کی، اس کے ساتھ ہی تقریباً دو ہفتوں سے جاری روزانہ حملوں کا سلسلہ رک گیا۔ خیال رہے کہ 13 دنوں بعد جمعہ کی رات پہلی رات تھی جب امریکا نے ایران پر کوئی فضائی حملہ نہیں کیا، جبکہ ہفتے کی رات بھی کسی حملے کی اطلاع موصول نہیں ہوئی۔ امریکی اخبار نیویارک ٹائمز کے مطابق جنرل ڈین کین نے صدر ٹرمپ کو مشرق وسطیٰ میں دفاعی نظام متاثر ہونے سے خبردار کیا اور کہا کہ ایران کے خلاف بڑے پیمانے پر فوجی کارروائیاں دوبارہ شروع کرنے سے مشرق وسطیٰ میں امریکی فضائی دفاعی صلاحیت متاثر ہوسکتی ہے۔ جنرل ڈین کین کے مطابق جنگ میں شدت آنے کی صورت میں پیٹریاٹ میزائل انٹرسیپٹرز کے ذخائر کم ہوں گے، ایران جنگ میں شدت سے دیگر فضائی دفاعی نظام کے ذخائر بھی تیزی سے کم ہوسکتے ہیں، تاہم فوج تمام احکامات پر عمل درآمد کی صلاحیت رکھتی ہے لیکن نتائج پر بھی غور ضروری ہے۔ سی این این کے مطابق نائب صدر جے ڈی وینس اور چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف جنرل ڈین کین نے کشیدگی بڑھانے پر تحفظات کا اظہار کیا۔ دوسری طرف ذرائع کے مطابق عمانی وفد جمعہ کو آبنائے ہرمز دوبارہ کھولنے کے نئے انتظامات پر بات چیت کیلئے تہران پہنچا تھا، مذاکرات میں پیشرفت ہوئی ہے اور امکان ہے کہ عمان اور ایران کے درمیان ہفتے کے اختتام تک معاہدہ طے پاجائے گا۔

بقیہ | بقیہ جات | 2

ہفتے طویل سلسلہ ٹوٹ گیا ہے۔ ابھی یہ واضح نہیں کہ یہ حملے ایک روز کے لیے روکے گئے ہیں یا جنگ بندی کردی گئی ہے۔ امریکی ویب سائٹ کے مطابق فوج ایران پر ممکنہ بڑے حملوں کی تیاری کررہی ہے تاہم صدر ٹرمپ نے اس کی تاحال منظوری نہیں دی ہے۔ دعویٰ کیا گیا ہے کہ صدر ٹرمپ روزانہ کی بنیاد پر ایران پر حملوں کی منظوری دوپہر کے وقت دیتے تھے جس کے چند ہی گھنٹوں بعد ایران پر بمباری کردی جاتی تھی۔ صدر ٹرمپ کو ایسا ہی منصوبہ پیش کیا گیا تھا مگر صدر ٹرمپ نے فوج کو حکم دیا کہ حملے نہ کیے جائیں۔ اس حکم نامے کے بعد صدر ٹرمپ نے صحافیوں سے یہ بھی کہا کہ ان کے پاس حملے جاری رکھنے اور اس کی شدت بڑھانے کا آپشن بھی ہے جس میں ہر چیز کوتاہ کیا جاسکتا ہے۔ مگر اسارٹ اسٹریٹجی یہ ہے کہ ایران سے ڈیل کی جائے۔ صدر ٹرمپ نے کہا کہ ایران زیادہ سے زیادہ سنجیدہ ہورہا ہے، ہم حملوں کے لیے تیارہ ہیں مگر ایران سے بات بھی کی جارہی ہے۔ امریکی ویب سائٹ کے مطابق صدر ٹرمپ نے حملے روکنے کا حکم ایسے وقت میں دیا جب اومانی وفد مذاکرات کے لیے جمعہ کو ایران پہنچا تھا تاکہ آبنائے ہرمز کھولنے کے لیے نیا معاہدہ کیا جاسکے۔ امکان ظاہر کیا گیا ہے کہ ایران اور اومان کے درمیان اس معاملے پر اسی ویک اینڈ پر معاہدہ کرلیا جائے گا، اس کے بعد صدر ٹرمپ پر منحصر ہوگا کہ آیا وہ اس مجوزہ ڈیل کو منظور کریں یا

بقیہ | بقیہ جات | 3

ہے اور اقوام متحدہ شامی علاقوں کی سلامتی، آزادی اور خود مختاری کے ساتھ کھڑی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق دمشق کے قصرِ تشرین میں شامی وزیر خارجہ اسعد حسن الشیبانی کے ساتھ مشترکہ پریس کانفرنس کے دوران گوتریس نے کہا کہ اقوام متحدہ تمام شعبوں میں شام کے ساتھ اور اس کے مستقبل و خوش حالی کی حمایت کے لیے بین الاقوامی برادری کے ساتھ تعاون کی منتظر ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ شامی عوام نے کئی سال مشکلات برداشت کی ہیں، لیکن اس کے باوجود وہ لچک، عزم، جدت اور وابستگی کا احساس نہیں کھوئے۔ شام اب ایک ساتھ بحالی اور سرمایہ کاری کے مرحلے میں ہے، جہاں سب کے لیے مواقع پیدا ہو رہے ہیں اور یہ فیصلہ ایک بہتر مستقبل کے لیے قیادت، بصیرت اور اعتماد کا تقاضا کرتا ہے تاکہ ہر شامی شہری اپنے ملک کے مستقبل میں اپنا کردار دیکھ سکے۔ گوتریس نے تباہ کن جنگ سے نکلنے والے شام کی مدد کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ شدید تنازع سے نکل کر کوئی ملک اکیلے خود کو نہیں بنا سکتا، لہٰذا ہمیں اس کے عزم و ارادے میں مدد کرنی چاہیے۔ گوتریس نے یہ بھی بتایا کہ انہوں نے 2011 میں شام کے عوام پر ہونے والے وحشیانہ تشدد کی شروعات سے لے کر حکومت کے خاتمے تک شام نہ جانے کا فیصلہ قصداً کیا تھا۔ دوسری جانب الشیبانی نے بتایا کہ ملاقات میں بحالی اور تعمیرِ نو کے نئے مرحلے میں اقوام متحدہ کے ساتھ شراکت داری اور تعاون کے طریقوں پر بات چیت کی گئی ہے۔ الشیبانی نے اشارہ کیا کہ اس وقت پہلی ترجیح تعمیرِ نو ہے، جس کے لیے تمام پابندیوں کا خاتمہ ضروری ہے اور شام کے عوام کے پاس اپنے ملک کی تعمیر میں حصہ لینے کا موقع ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان کا ملک آج امن کا ایک اسٹریٹجک ماڈل پیش کررہا ہے، جہاں تمام اسلحہ ریاست کے قبضے میں دے کر سرحدوں کو محفوظ بنانے پر توجہ دی گئی ہے اور شام نے اقوامِ متحدہ کے ساتھ غیر معمولی تعاون کی بنیاد رکھی ہے۔ وزیرِ خارجہ نے زور دیا کہ شامی علاقوں پر اسرائیلی خلاف ورزیاں علاقائی سکیورٹی کے لیے براہِ راست خطرہ ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ 17 سال میں سکریٹری جنرل کا شام کا یہ پہلا دورہ ہے، جو اس بات کا صریح اعلان ہے کہ شام اقوامِ متحدہ کے ایک فعال شراکت دار کی صورت اختیار کر چکا ہے۔ الشیبانی نے بتایا کہ 35 لاکھ شامی باشندے اپنے وطن واپس آ چکے ہیں، جو دنیا کی بڑی رضاکارانہ واپسیوں میں سے ایک ہے۔ انھوں نے مطالبہ کیا کہ اقوامِ متحدہ اور یورپی یونین شام میں اپنا کردار ادا کریں۔ اقوامِ متحدہ کے سکریٹری جنرل ہفتے کی صبح دمشق پہنچے اور قدیم دمشق کا دورہ کیا، جس کے بعد صدر احمد الشرع نے ان کا استقبال کیا۔ ملاقات کے دوران انسانی و ترقیاتی شعبوں میں تعاون کے فروغ، ابتدائی بحالی کی حمایت اور شام کی خود مختاری کے احترام پر زور دیا گیا۔ اس موقع پر گوتریس نے وزرا، مرکزی بینک کے گورنر اور اقوامِ متحدہ میں شام کے مستقل مندوب کے ساتھ تفصیلی اجلاس میں بھی شرکت کی۔ شامی ذرائع کے مطابق سکریٹری جنرل کل صوبہ قنیطرہ کا دورہ کریں گے تاکہ جولان میں متعین اقوامِ متحدہ کی فورسز (UNDOF) اور دمشق میں سول سوسائٹی کے نمائندوں سے ملاقات کرسکیں۔

بقیہ | بقیہ جات | 4

کے ساتھ جاری رکھیں گے۔ اپنے بیان میں انہوں نے سکیورٹی فورسز کی چیک پوسٹ پر بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے بزدلانہ حملے کو ناکام بنانے اور چار دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت، غیر معمولی جرات اور بروقت کارروائی کو سراہا۔ شہباز شریف نے کہا کہ ہمارے بہادر جوانوں نے دشمن کے مذموم عزائم کو ناکام بنا کر ایک بار پھر ثابت کیا ہے کہ پاکستان کی سلامتی پر کوئی آنچ نہیں آنے دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ پوری قوم اپنی بہادر افواج اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ وزیرِ اعظم نے کہا کہ حکومت اور سکیورٹی فورسز آپریشن ''عزمِ استحکام'' کے تحت ملک سے دہشت گردی کے ناسور کے مکمل خاتمے تک اپنی کارروائیاں پوری قوت کے ساتھ جاری رکھیں گے۔

بقیہ | بقیہ جات | 5

اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے خواجہ آصف نے کہا کہ وہ ایل اے 36 جموں 3 کے امیدوار کی حمایت میں آئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 1947ء میں لاکھوں مہاجرین خون کی لکیر عبور کرکے پاکستان پہنچے اور تقریباً اڑھائی لاکھ افراد نے اپنی جانوں کی قربانی دی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں ان مہاجرین کی ہمیشہ مہمان نوازی کی گئی۔ وزیر دفاع نے کہا کہ گزشتہ 78 برسوں کے دوران انتخابات میں اختلافات اور تضادات سامنے آتے رہے تاہم اب جوائنٹ ایکشن کمیٹی بنا کر پاکستان میں آباد مہاجرین کے معاملے کو بین الاقوامی مالیاتی اداروں کی مثبت آراء سے ہوتا ہے، جو پاکستان کی مضبوط ہوتی معاشی بنیادوں کی عکاسی کرتے ہیں۔ مالی سال 27-2026 کے بجٹ پر روشنی ڈالتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ ایک متوازن، ذمہ دارانہ اور ترقی دوست بجٹ ہے جس کا مقصد سرمایہ کاری، برآمدات، صنعتی ترقی اور روزگار کے مواقع کو فروغ دینا ہے، جبکہ مالیاتی نظم وضبط کو برقرار رکھا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بجٹ میں تنخواہ دار طبقے کو نمایاں ریلیف دیا گیا ہے، کاروباری برادری اور برآمد کنندگان کی مسابقت بڑھانے کے لیے اقدامات کیے گئے ہیں، ٹیرف اصلاحات متعارف کرائی گئی ہیں، معیشت کی دستاویزی شکل کو فروغ دیا گیا ہے، اور حکومت نے ایک مرتبہ پھر اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ ٹیکس کا دائرہ وسیع کیا جائے گا، نہ کہ پہلے سے ٹیکس ادا کرنے والوں پر مزید بوجھ ڈالا جائے گا۔ انہوں نے حکومت کے وسیع تر اصلاحاتی ایجنڈے پر بھی روشنی ڈالی، جس میں ٹیکس انتظامیہ، عوامی قرضوں کا مؤثر انتظام، نجکاری، سرکاری اداروں کی اصلاحات، پنشن اصلاحات، توانائی کے شعبے کی اصلاحات، ڈیجیٹل پاکستان اقدامات، سرمایہ مارکیٹوں کی ترقی اور مالی سہولیات تک رسائی میں بہتری شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان اصلاحات کا مقصد اداروں کو مضبوط بنانا، گورننس کو بہتر کرنا، پیداواری صلاحیت میں اضافہ کرنا اور سرمایہ کاری کے لیے مزید سازگار ماحول فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نیا ٹیکس آپریٹنگ ماڈل پاکستان کے ٹیکس نظام میں ایک بنیادی تبدیلی کی نمائندگی کرتا ہے، جس کے تحت روایتی افسر پر مبنی نظام کو ڈیٹا پر مبنی، ٹیکنالوجی سے آراستہ، فیس لیس، شفاف اور زیادہ جوابدہ نظام میں تبدیل کیا جارہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اس ماڈل کے تحت آڈٹ، اسیسمنٹ اور فیلڈ آپریشنز کو الگ الگ خصوصی شعبوں میں تقسیم کیا جارہا ہے، جبکہ جدید ڈیجیٹل ٹیکنالوجی، مرکزی ڈیٹا اینالیٹکس اور رسک پر مبنی کمپلائنس نظام کے ذریعے اختیارات کے غیر ضروری استعمال، براہِ راست رابطے اور صوابدیدی فیصلوں کو کم کیا جائے گا۔ اس سے قانون کی پابندی کرنے والے ٹیکس دہندگان کو زیادہ آسان، تیز اور قابلِ پیش گوئی خدمات میسر آئیں گی، جبکہ ٹیکس چوری کے خلاف کارروائی ڈیٹا اور شواہد کی بنیاد پر مزید مؤثر انداز میں کی جائے گی۔ مشیر نے ٹیکس بار ایسوی ایشنز اور ٹیکس پریکٹیشنرز کے تعمیری کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ نئے ٹیکس آپریٹنگ ماڈل اور حکومت کے وسیع تر ٹیکس اصلاحاتی پروگرام کی کامیابی کے لیے تمام متعلقہ فریقوں سے مسلسل مشاورت اور تعاون ناگزیر ہے۔ سیمینار کے دوران صوبائی سیلز ٹیکس، مالی سال 27-2026 کے بجٹ میں ٹیکس اقدامات، ٹیکس پالیسی، فیس لیس ٹیکس انتظامیہ، ڈیجیٹلائزیشن اور براہِ راست و بالواسطہ ٹیکسوں سے متعلق عملی امور پر تکنیکی اجلاس بھی منعقد ہوئے۔ ڈاکٹر ندیم الحق نے ٹیکس پالیسی اصلاحات پر کلیدی خطاب کیا، جبکہ ایف بی اے محمد ریحان صدیقی نے فیس لیس جیورسڈکشن اور ٹیکس انتظامیہ کی ڈیجیٹلائزیشن پر پریزنٹیشن دی۔ اس موقع پر ٹیکس ماہرین اور پریکٹیشنرز نے ٹیکس اصلاحات اور ابھرتے ہوئے ٹیکس امور پر مختلف تکنیکی مباحث میں بھی حصہ لیا۔ منتظمین کی جانب سے صدر پاکستان ٹیکس بار ایسوی ایشن احسان الحق شیخ، صدر لاہور ٹیکس بار ایسوی ایشن رانا ثاقب منیر اور پاکستان ٹیکس بار ایسوی ایشن کے سرپرست و چیئرمین پاکستان ٹیکس بار اکیڈمی عبدالقادر میمن نے ٹیکس برادری کے ساتھ حکومت کے مسلسل رابطے کو سراہتے ہوئے ایک آسان، شفاف، ٹیکنالوجی پر مبنی اور کاروبار دوست ٹیکس نظام کی تشکیل کے لیے حکومت کے ساتھ تعمیری تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ | بقیہ جات | 39

شات پر تشویش کا اظہار کیا۔ وائٹ ہاؤس نے ابھی تک ان رپورٹس کی باضابطہ تصدیق نہیں کی، تاہم اس کا کہنا ہے کہ صدر ٹرمپ ہمیشہ سفارتی حل کو ترجیح دیتے ہیں۔ امریکی نیوز سائٹ ایگزیوس کے مطابق مریکی صدر نے سفارت کاری کو مزید موقع دینے کا فیصلہ کرتے ہوئے جمعے کے روز امریکی فوج کو ایران پر نئے حملے نہ کرنے کی ہدایت جاری کی، اس کے ساتھ ہی تقریباً دو ہفتوں سے جاری روزانہ حملوں کا سلسلہ رک گیا۔ خیال رہے کہ 13 دنوں بعد جمعہ کی رات پہلی رات تھی جب امریکا نے ایران پر کوئی فضائی حملہ نہیں کیا، جبکہ ہفتے کی رات بھی کسی حملے کی اطلاع موصول نہیں ہوئی۔ امریکی اخبار نیویارک ٹائمز کے مطابق جنرل ڈین کین نے صدر ٹرمپ کو مشرق وسطیٰ میں دفاعی نظام متاثر ہونے سے خبردار کیا اور کہا کہ ایران کے خلاف بڑے پیمانے پر فوجی کارروائیاں دوبارہ شروع کرنے سے مشرق وسطیٰ میں امریکی فضائی دفاعی صلاحیت متاثر ہوسکتی ہے۔ جنرل ڈین کین کے مطابق جنگ میں شدت آنے کی صورت میں پیٹریاٹ میزائل انٹرسیپٹرز کے ذخائر کم ہوں گے، ایران جنگ میں شدت سے دیگر فضائی دفاعی نظام کے ذخائر بھی تیزی سے کم ہوسکتے ہیں، تاہم فوج تمام احکامات پر عمل درآمد کی صلاحیت رکھتی ہے لیکن نتائج پر بھی غور ضروری ہے۔ سی این این کے مطابق نائب صدر جے ڈی وینس اور چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف جنرل ڈین کین نے کشیدگی بڑھانے پر تحفظات کا اظہار کیا۔ دوسری طرف ذرائع کے مطابق عمانی وفد جمعہ کو آبنائے ہرمز دوبارہ کھولنے کے نئے انتظامات پر بات چیت کیلئے تہران پہنچا تھا، مذاکرات میں پیشرفت ہوئی ہے اور امکان ہے کہ عمان اور ایران کے درمیان ہفتے کے اختتام تک معاہدہ طے پاجائے گا۔

بقیہ | بقیہ جات | 40

ہفتے طویل سلسلہ ٹوٹ گیا ہے۔ ابھی یہ واضح نہیں کہ یہ حملے ایک روز کے لیے روکے گئے ہیں یا جنگ بندی کردی گئی ہے۔ امریکی ویب سائٹ کے مطابق فوج ایران پر ممکنہ بڑے حملوں کی تیاری کررہی ہے تاہم صدر ٹرمپ نے اس کی تاحال منظوری نہیں دی ہے۔ دعویٰ کیا گیا ہے کہ صدر ٹرمپ روزانہ کی بنیاد پر ایران پر حملوں کی منظوری دوپہر کے وقت دیتے تھے جس کے چند ہی گھنٹوں بعد ایران پر بمباری کردی جاتی تھی۔ صدر ٹرمپ کو ایسا ہی منصوبہ پیش کیا گیا تھا مگر صدر ٹرمپ نے فوج کو حکم دیا کہ حملے نہ کیے جائیں۔ اس حکم نامے کے بعد صدر ٹرمپ نے صحافیوں سے یہ بھی کہا کہ ان کے پاس حملے جاری رکھنے اور اس کی شدت بڑھانے کا آپشن بھی ہے جس میں ہر چیز کوتاہ کیا جاسکتا ہے۔ مگر اسارٹ اسٹریٹجی یہ ہے کہ ایران سے ڈیل کی جائے۔ صدر ٹرمپ نے کہا کہ ایران زیادہ سے زیادہ سنجیدہ ہورہا ہے، ہم حملوں کے لیے تیارہ ہیں مگر ایران سے بات بھی کی جارہی ہے۔ امریکی ویب سائٹ کے مطابق صدر ٹرمپ نے حملے روکنے کا حکم ایسے وقت میں دیا جب اومانی وفد مذاکرات کے لیے جمعہ کو ایران پہنچا تھا تاکہ آبنائے ہرمز کھولنے کے لیے نیا معاہدہ کیا جاسکے۔ امکان ظاہر کیا گیا ہے کہ ایران اور اومان کے درمیان اس معاملے پر اسی ویک اینڈ پر معاہدہ کرلیا جائے گا، اس کے بعد صدر ٹرمپ پر منحصر ہوگا کہ آیا وہ اس مجوزہ ڈیل کو منظور کریں یا

بقیہ | بقیہ جات | 41

ہے اور اقوامِ متحدہ شامی علاقوں کی سلامتی، آزادی اور خود مختاری کے ساتھ کھڑی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق دمشق کے قصرِ تشرین میں شامی وزیر خارجہ اسعد حسن الشیبانی کے ساتھ مشترکہ پریس کانفرنس کے دوران گوتریس نے کہا کہ اقوامِ متحدہ تمام شعبوں میں شام کے ساتھ اور اس کے مستقبل و خوش حالی کی حمایت کے لیے بین الاقوامی برادری کے ساتھ تعاون کی منتظر ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ شامی عوام نے کئی سال مشکلات برداشت کی ہیں، لیکن اس کے باوجود وہ لچک، عزم، جدت اور وابستگی کا احساس نہیں کھوئے۔ شام اب ایک ساتھ بحالی اور سرمایہ کاری کے مرحلے میں ہے، جہاں سب کے لیے مواقع پیدا ہو رہے ہیں اور یہ فیصلہ ایک بہتر مستقبل کے لیے قیادت، بصیرت اور اعتماد کا تقاضا کرتا ہے تاکہ ہر شامی شہری اپنے ملک کے مستقبل میں اپنا کردار دیکھ سکے۔ گوتریس نے تباہ کن جنگ سے نکلنے والے شام کی مدد کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ شدید تنازع سے نکل کر کوئی ملک اکیلے خود کو نہیں بنا سکتا، لہٰذا ہمیں اس کے عزم و ارادے میں مدد کرنی چاہیے۔ا

بقیہ | بقیہ جات | 6

ہزار سے زیادہ افراد کو نکال لیا ہے اور ملک کے جنوب میں ریلوے سروسز کو معطل کردیا ہے کیونکہ طوفان نول شدید بارشوں اور تیز ہواؤں کے ساتھ قریب آ رہا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق چینی قومی مرکز برائے موسمیات نے اعلان کیا ہے کہ توقع ہے کہ یہ طوفان ہانگ کانگ سے گوانگ ڈونگ صوبے تک پھیلے ہوئے ساحلی علاقوں سے ٹکرائے گا۔ حکام نے طوفانوں کے لیے اورنج الرٹ برقرار رکھا ہے جو اس کے چار سطحی نظام میں دوسری اعلیٰ ترین سطح ہے۔ اس سے قبل اس نے خبردار کیا تھا کہ گوانگ ڈونگ صوبے اور پڑوسی فوجیان صوبے کے کچھ حصوں میں شدید ہوائیں اور موسلا دھار بارشیں ہوں گی۔ رپورٹ کے مطابق گوانگ ڈونگ میں 20,000 سے زیادہ افراد کا انخلا کیا گیا ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ صوبے میں کام کرنے والی ماہی گیری کی کشتیاں طوفان سے پناہ لینے کے لیے اپنی بندرگاہوں پر واپس آ گئی ہیں۔ گوانگ ڈونگ میں کچھ ٹرین سروسز معطل کردی گئیں۔ انہیں مکمل طور پر روک دیا جارہا

بقیہ | بقیہ جات | 7

میں برادرانہ تعلقات کا اعادہ کیا گیا۔ اس موقع پر تازہ علاقائی پیش رفت پر بات چیت کی گئی اور خطے میں امن واستحکام کے لیے سفارت کاری جاری رکھنے کی اہمیت پر زور دیا گیا۔

بقیہ | بقیہ جات | 8

واضح کیا ہے کہ ملک سے دہشتگردی کے ناسور کے مکمل خاتمے تک اپنی کارروائیاں پوری قوت کے ساتھ جاری رکھیں گے۔ اپنے بیان میں انہوں نے سکیورٹی فورسز کی چیک پوسٹ پر بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے بزدلانہ حملے کو ناکام بنانے اور چار دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت، غیر معمولی جرات اور بروقت کارروائی کو سراہا۔ شہباز شریف نے کہا کہ ہمارے بہادر جوانوں نے دشمن کے مذموم عزائم کو ناکام بنا کر ایک بار پھر ثابت کیا ہے کہ پاکستان کی سلامتی پر کوئی آنچ نہیں آنے دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ پوری قوم اپنی بہادر افواج اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ وزیرِ اعظم نے کہا کہ حکومت اور سکیورٹی فورسز آپریشن ''عزمِ استحکام'' کے تحت ملک سے دہشت گردی کے ناسور کے مکمل خاتمے تک اپنی کارروائیاں پوری قوت کے ساتھ جاری رکھیں گے۔

بقیہ | بقیہ جات | 9

پر یوکرین کے حملے کی مذمت کی ہے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق یوکرین کے ناظم الامور کو طلب کرکے احتجاج ریکارڈ کروایا گیا ہے۔ ایران نے کہا کہ جہاز پر حملے میں ایک اہلکار جاں بحق اور ایک زخمی ہوا ہے۔ اس سے پہلے یوکرین کے صدر زیلنسکی نے کہا تھا کہ لیسیچینسکی میں مبینہ طور پر ہتھیار ایران لے جانے والے روسی بحری جہاز کو نشانہ بنایا گیا ہے۔

بقیہ | بقیہ جات | 10

کروڑ ڈالر مالیت کا تیل فروخت کیا۔ انہوں نے بتایا کہ جنگ بندی کے بعد خطرات میں کمی آنے سے ایران کی تیل برآمدات میں نمایاں اضافہ ہوا، جس کے نتیجے میں ملک تقریباً 10 کروڑ بیرل ذخیرہ شدہ خام تیل اور گیس کے ذخائر کا ایک حصہ فروخت کرنے میں کامیاب رہا۔ محسن پاک نژاد کے مطابق حالیہ فروخت سے حاصل ہونے والی آمدنی حکومت کے سالانہ بجٹ میں تیل سے متوقع آمدنی کے مقابلے میں 60 فیصد زیادہ رہی، جس سے ملکی خزانے کو خاطر خواہ مالی فائدہ

بقیہ | بقیہ جات | 11

سیاسی فضا کو مزید محرک بنا دیا ہے، مبصرین کے مطابق نوجوانوں کی بڑھتی ہوئی شمولیت کو آزاد جموں و کشمیر کی سیاست کے لیے خوش آئند قرار دیا جارہا ہے۔ نوجوان امیدواروں کے مطابق ان کا الیکشن میں حصہ لینا ایک جدید وژن، شفاف طرزِ حکمرانی اور عوامی مسائل کے مؤثر حل کی جانب اہم قدم ہے، ان کے مطابق جمہوریت کی مضبوطی کے لیے عوام کی بھرپور انتخابی شرکت ناگزیر ہے، اس لیے شہریوں کو چاہیے کہ وہ اپنے ووٹ کا حق ضرور استعمال کریں۔ امیدواروں نے کہا کہ ووٹ ایک آئینی اور جمہوری طاقت ہے، جس کے ذریعے ہی حقیقی عوامی نمائندوں کا انتخاب ممکن ہوتا ہے۔ ان کا مقصد ہے کہ عوامی مسائل کا مؤثر حل صرف انہی نمائندوں کے ذریعے ممکن ہے جو عوام کے اعتماد سے منتخب ہوں۔

بقیہ | بقیہ جات | 12

کا منصفانہ حل ضروری ہے، سعودی عرب کے ساتھ یمن کے تنازع کا فوجی حل نہیں۔ اسماعیل بقائی نے مزید کہا کہ بات چیت پر واپسی اور طیشدہ روڈ میپ پر عمل ہی یمنی عوام کی مشکلات کا حل ہے، بات چیت پر واپسی خطے میں امن وسلامتی اور استحکام برقرار رکھنے کا راستہ ہے۔ ترجمان ایرانی وزارت خارجہ نے کہا کہ خطے میں امریکی پالیسی یمن کی صورتحال کو پیچیدہ کررہی ہے۔

بقیہ | بقیہ جات | 13

حکمت عملی نہیں، یہ بات صدر کے فیصلوں اور سیسٹکام کی کارکردگی میں دیکھی جاسکتی ہے۔ فوجی ترجمان نے کہا کہ حالیہ 14 سے 15 روزہ لڑائی کے دوران ایران کی فوجی کارروائیوں کی کچھ خصوصیات تھیں، جن میں حملوں کا مرکز امریکی ریڈار تنصیبات اور معاونت فراہم کرنے والے مراکز تھے، تاکہ امریکہ کو مزید حملوں سے باز رکھا جاسکے۔ جنرل اکرامینیا کے مطابق ایران نے اس عرصے میں کوشش کی کہ امریکا کو مذاکرات کی میز پر واپس لایا جائے تاکہ وہ دونوں ممالک کے درمیان مفاہمتی یادداشت کے شقوں پر عمل کرے۔ یہ بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب امریکی ذرائع ابلاغ نے رپورٹ کیا ہے کہ ڈونلڈ ٹرمپ نے فی الحال ایران کے خلاف مزید وسیع حملوں کا منصوبہ مؤخر کردیا ہے، دفاعی میزائلوں کے ذخائر میں نمایاں کمی اس فیصلے کی وجوہات میں شامل ہے۔ علاوہ ازیں ترجمان ایرانی فوج جنرل ابوالفضل شکارچی نے کہا کہ امریکا آبنائے ہرمز اور ایران کو کمزور کرنے کے اپنے مقاصد حاصل کرنے میں ناکام رہا ہے، موجودہ صورتحال امریکا کے لیے انتشار اور ناکامی کی عکاس ہے۔ جنرل شکارچی نے کہا کہ واشنگٹن اب نئی حکمت عملی کی تلاش میں ہے، امریکا کی جنگ سے ممکنہ دستبرداری بھی اسرائیل کی منظوری سے مشروط ہوگی۔

بقیہ | بقیہ جات | 14

میں منعقدہ صحافیوں کی تقریب سے خطاب میں صدر ٹرمپ نے کہا کہ آپ کے لیے یہ شاید بہت بڑی خبر ہوگی مگر وہ بتانا چاہتے ہیں کہ ان کی خواہش ہے کہ وہ چوتھی بار صدارتی الیکشن لڑیں۔ صدر ٹرمپ دوسری صدارت کی مدت تقریباً نصف حد تک مکمل کرچکے ہیں، امریکی آئین کی بائیس ویں ترمیم کے سیکشن ون کے مطابق کوئی بھی شخص دو بار سے زیادہ صدر منتخب نہیں کیا جاسکتا۔ اس لیے ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے تیسری ہی نہیں براہ راست چوتھی بار بھی صدر بننے کی خواہش کا اظہار کیے جانے پر لوگوں کو حیرت نہیں ہوئی۔

بقیہ | بقیہ جات | 15

ت نہ ماننے والے دو جہازوں کو ناکارہ بنادیا اور دو جہازوں پر دھاوا بول کر احکامات ماننے پر مجبور کردیا۔ امریکی سینٹرل کمانڈ نے یہ دعویٰ تازہ بیان میں کیا جس کے مطابق امریکا نے بارہ تجارتی جہازوں کو راستہ بدلنے پر مجبور کردیا۔ امریکا کی سینٹرل کمانڈ نے کہا کہ آبنائے ہرمز میں ایران کی ناکہ بندی مکمل طور پر برقرار ہے۔ بیان کے مطابق مشرقی افریقا کے ملک کوموروس کے پرچم بردار جہاز ایم ٹی چارمینار پر بحیرہ عرب میں دھاوا بولا گیا اور جہاز کی توثیق کے بعد اسے جانے کی اجازت دیدی گئی۔ سینٹکام نے امریکی احکامات کی خلاف ورزی کے الزام پر موزمبیق کے پرچم بردار جہاز ایم ٹی لیوین کو خلیج اومان میں ناکارہ بنایا، یہ جہاز ایران کی جانب رواں دواں تھا تاہم اب اسے ناکارہ کردیا گیا۔

بقیہ | بقیہ جات | 16

فراد زخمی ہوگئے، ہنگو درسمند میں بارش کے باعث مکان کی چھت گرگئی، جس کے نتیجے میں 2 بچے دم توڑ گئے اور 2 خواتین سمیت 3 افراد زخمی ہوگئے۔ قصور راجہ جنگ میں بارش کے باعث جمع پانی میں ڈوب کر 2 بچے جان کی بازی ہار گئے، جاں بحق بچوں کی 10 سالہ سعد اور 11 سالہ احسان کے ناموں سے شناخت ہوئی ہے۔ بہاولنگر میں کرنٹ لگنے سے ایک شخص چل بسا، اوکاڑہ میں بجلی کے پول سے کرنٹ لگنے کے باعث 7 سالہ بچہ جاں بحق ہوگیا، ڈسکہ میں بجلی کے کھمبے سے کرنٹ لگنے سے 5 بچوں کا باپ دم توڑ گیا۔ شیخوپورہ میں مسافر بس پر بجلی کے تار گر گئی جس سے بس کنڈیکٹر جاں بحق اور 6 افراد زخمی ہوگئے، عمرکوٹ میں آسمانی بجلی گرنے سے ایک بچہ چل بسا، تھرپارکر میں ایک شخص پانی میں ڈوب کر جاں بحق ہوگیا۔

بقیہ | بقیہ جات | 17

ل کا افتتاح کردیا۔ وزیر داخلہ نے او پی ڈی، مختلف وارڈز، ایم آر آئی۔ سی ٹی مشین رومز اور آپریشن تھیٹر کا معائنہ کیا۔ وفاقی وزیر داخلہ نے جدید ہسپتال کو مختصر مدت میں مکمل کرنے پر آئی جی ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) اور ان کی ٹیم کی کارکردگی کو سراہا۔ محسن نقوی نے کہا کہ ایف سی ہسپتال کو اتنی جلد فنکشنل دیکھ کر بہت خوشی ہوئی ہے، تربت میں علاج معالجے کی جدید سہولتوں سے آراستہ ہسپتال اشد ضرورت تھی، تربت کی مقامی آبادی کو بھی علاج معالجے کی یہ بہترین سہولت میسر ہوگی۔ اس موقع پر وزیر داخلہ محسن نقوی کو ایف سی ہسپتال میں فراہم کردہ طبی سہولتوں کے بارے بریفنگ دی گئی۔ آئی جی ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) میجر جنرل بلال سرفراز خان نے وزیر داخلہ محسن نقوی کو فورس کی پیشہ ورانہ تربیت اور فیلڈ آپریشنز سے متعلق بریفنگ دی۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کی پیشہ وارانہ تیاریوں کو سراہا۔ اس موقع پر محسن نقوی نے فتنہ الہندوستان سمیت تمام کالعدم دہشت گرد گروہوں کے خلاف کامیاب آپریشنز پر ایف سی بلوچستان (نارتھ) کو خراج تحسین پیش

بقیہ | بقیہ جات | 18

نے ایران کے خلاف جنگ میں مزید شدت آنے اور امریکی اسلحہ ذخائر کے حوالے سے خدشات پر صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو آگاہ کردیا۔ امریکی میڈیا رپورٹس کے مطابق وائٹ ہاؤس میں ایک اجلاس کے دوران دونوں اعلیٰ حکام نے ممکنہ عسکری کارروائی کے نتائج پر تشویش کا اظہار کیا۔ ذرائع کا کہنا تھا کہ اسلحے کے ذخائر سے متعلق تشویش ان متعدد نکات میں شامل تھی جن پر اجلاس کے دوران صدر ٹرمپ کو بریفنگ دی گئی۔

بقیہ | بقیہ جات | 19

کی بنیاد پر مزید مؤثر انداز میں کی جائے گی، نئے ٹیکس آپریٹنگ ماڈل اور حکومت کے وسیع تر ٹیکس اصلاحاتی پروگرام کی کامیابی کے لیے تمام متعلقہ فریقوں سے مسلسل مشاورت اور تعاون ناگزیر

گورنر پنجاب کا ڈسکہ دورہ پیپلز پارٹی رہنماؤں سے ملاقاتیں

سردار سلیم حیدر خان نے کشمیر انتخابات حکمت عملی تنظیمی امور پر مشاورت کی

ڈسکہ (عشرت انصاری) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان کا غالب کے ہاؤس، ڈیرہ رانا محمود اشرف و رانا فاروق اشرف کا دورہ۔ گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے ڈسکہ میں غالب کے ہاؤس، ڈیرہ رانا محمود اشرف، ٹکٹ ہولڈر این اے-73 پاکستان پیپلز پارٹی، اور رانا فاروق اشرف، ٹکٹ ہولڈر پی پی-50 پاکستان پیپلز پارٹی، کا دورہ کیا۔ اس موقع پر چوہدری ارشد جٹ، وائس پریزیڈنٹ پاکستان پیپلز پارٹی سنٹرل پنجاب، عبدالرزاق سلیمی، ڈویژنل جنرل سیکرٹری پاکستان پیپلز پارٹی، اور سردار اشرف حیات، ڈویژنل پریزیڈنٹ پاکستان پیپلز پارٹی راولپنڈی، بھی ان کے ہمراہ تھے۔ گورنر پنجاب کا استقبال رانا فاروق اشرف، چوہدری آصف گجر، ٹکٹ ہولڈر ایم ایل اے آزاد جموں وکشمیر حلقہ LA-35، حاجی اصغر گجر، تحصیل پریزیڈنٹ پاکستان پیپلز پارٹی ڈسکہ، ملک حسن، جنرل سیکرٹری تحصیل ڈسکہ، چوہدری جمیل ایڈووکیٹ، سٹی پریزیڈنٹ پاکستان پیپلز پارٹی ڈسکہ، معظم شفیع مغل، سٹی جنرل سیکرٹری، ذوالفقار بھولا، وائس پریزیڈنٹ، گلفام چوہدری، انفارمیشن سیکرٹری سٹی ڈسکہ، آصف مغل، انفارمیشن سیکرٹری تحصیل ڈسکہ، رانا مقصود اشرف، سینئر رہنما پاکستان پیپلز پارٹی تحصیل ڈسکہ، رانا علی ناظم آف غالب کے، رانا سمیع اللہ آف غالب کے، اکرام صاحب سمیت پاکستان پیپلز پارٹی کے سینکڑوں کارکنان، عہدیداران اور معززین نے کیا۔ ملاقات کے دوران آزاد جموں وکشمیر کے آئندہ انتخابات کے حوالے سے اہم اور مثبت گفتگو ہوئی اور انتخابی حکمت عملی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس کے علاوہ 28 جولائی کے جلسے کے شیڈول اور 2 اگست کو ہونے والے آزاد جموں وکشمیر کے انتخابات کے حوالے سے بھی اہم مشاورت ہوئی۔ ملاقات انتہائی خوشگوار اور نتیجہ خیز رہی، جس میں پارٹی کی تنظیمی مضبوطی، باہمی تعاون اور آئندہ کے انتخابی لائحہ عمل کو مزید مؤثر بنانے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔

سانگلہ ہل بھینس ہلاکت واقعہ پر انتظامیہ کا سخت ایکشن

اے سی اسامہ امانت نے لائٹ انسپکٹر معطل کر کے حفاظتی اقدامات شروع کیے

سانگلہ ہل (بیورو چیف) سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی خبر پر فوری ایکشن لیتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر سانگلہ ہل اسامہ امانت نے شہر میں عوامی و جانی تحفظ کے لیے سخت احکامات جاری کر دیے۔ تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر اسامہ امانت نے چیف آفیسر رحمان لطیف اور لائٹ انسپکٹر ذیشان بابر کے ہمراہ بجلی کا کرنٹ لگنے سے بھینس کی ہلاکت کے واقعے کی جگہ کا تفصیلی دورہ کیا اور صورتحال کا موقع پر جائزہ لیا۔ ابتدائی تحقیقاتی رپورٹ کے مطابق ایک بھینس بجلی کے کھمبے کے ساتھ جسم رگڑ رہی تھی کہ اس دوران کھمبے میں موجود کرنٹ کی زد میں آ کر موقع پر ہی دم توڑ گئی۔ اسسٹنٹ کمشنر نے واقعے کا سخت نوٹس لیتے ہوئے فرائض میں غفلت برتنے پر ذمہ داری کا تعین کیا اور لائٹ انسپکٹر ذیشان بابر کو فوری طور پر عہدے سے معطل کرنے کے احکامات جاری کر دیے۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر نے چیف آفیسر کو سخت ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ میونسپل کمیٹی کی حدود میں موجود تمام بجلی کے پولز کی فوری چیکنگ کی جائے اور عارضی و ناقص ٹیپ کے استعمال کو ترک کر کے تمام کھمبوں پر فوری طور پر معیاری کنیکٹرز نصب کیے جائیں تاکہ آئندہ ایسے کسی بھی افسوسناک حادثے کا سدباب ہو سکے۔ مزید برآں، انہوں نے شہریوں اور جانوروں کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے میونسپل کمیٹی تحصیل سانگلہ ہل کی حدود سے آوارہ مویشیوں کو فوری طور پر ہٹانے کے لیے مؤثر اور جامع مہم شروع کرنے کی بھی ہدایت کی۔

کمشنر لاہور ڈویژن کا ننکانہ صاحب میں سیلابی صورتحال کا جائزہ

حفاظتی انتظامات ریلیف سرگرمیوں اور ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی مزید مؤثر بنانے کی ہدایات جاری کی گئیں

ننکانہ صاحب: (بیورو چیف) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کی ہدایت پر کمشنر لاہور ڈویژن نعمان یوسف نے ضلع ننکانہ صاحب کا تفصیلی دورہ کیا اور مختلف علاقوں میں جاری سیلابی صورتحال، حفاظتی انتظامات، ریلیف سرگرمیوں اور ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب رعنا حمید، متعلقہ محکموں کے افسران اور ضلعی انتظامیہ کے نمائندگان بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ کمشنر لاہور ڈویژن نعمان یوسف نے تکیکی میں نالہ ڈیک کی صفائی اور ڈی سلٹنگ کے جاری کاموں کا تفصیلی معائنہ کیا۔ انہوں نے نالہ ڈیک کی صفائی کے عمل کو مزید مؤثر بنانے کے لیے مشینری اور افرادی قوت میں اضافے کی ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ ڈی سلٹنگ کا عمل جلد از جلد مکمل کیا جائے تاکہ ممکنہ بارشوں اور سیلابی صورتحال کے دوران پانی کے بہاؤ میں کسی قسم کی رکاوٹ پیدا نہ ہو۔ بعد ازاں کمشنر لاہور ڈویژن نے دریائے راوی کے موضع وڑائچ کا دورہ کیا جہاں ممکنہ سیلابی خطرات اور حفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر انہوں نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ متاثرہ آبادی کے بروقت انخلاء اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب عوام کی حفاظت کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ کمشنر نعمان یوسف نے سیلابی علاقوں میں قائم ریلیف کیمپوں کا بھی معائنہ کیا اور وہاں فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے خوراک، صاف پانی، طبی امداد اور دیگر بنیادی سہولیات کی دستیابی کو یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ متاثرہ افراد کو ہر ممکن ریلیف فراہم کیا جائے۔ انہوں نے ضلعی کنٹرول روم کا دورہ بھی کیا جہاں مانیٹرنگ سسٹم، الرٹ میکانزم اور سیلابی صورتحال سے نمٹنے کے انتظامات پر بریفنگ دی گئی۔ کمشنر لاہور ڈویژن نے دریائے راوی اور دیگر حساس مقامات کی چوبیس گھنٹے نگرانی جاری رکھنے کی ہدایت کرتے ہوئے ریسکیو، ایکویشن اور ضلعی انتظامیہ کے درمیان مؤثر رابطے اور فوری رسپانس کو یقینی بنانے پر زور دیا۔ دورے کے دوران کمشنر لاہور ڈویژن نے ریلوے روڈ پر جاری بیوٹیفکیشن منصوبے کا بھی معائنہ کیا اور منصوبے کی رفتار، معیار اور شفافیت کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ منصوبے کو مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے تاکہ شہریوں کو بہتر اور خوبصورت ماحول میسر آ سکے۔ کمشنر نعمان یوسف نے کوٹ سنت رام میں پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت جاری ڈسپوزل اسٹیشن کے تعمیراتی کاموں کا بھی معائنہ کیا اور منصوبے کی پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے بروقت تکمیل کی ہدایت کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کمشنر لاہور ڈویژن نعمان یوسف نے کہا کہ شہریوں کو بہتر سہولیات کی فراہمی اور ترقیاتی منصوبوں کی پائیدار تکمیل حکومت پنجاب کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیلاب سے متاثرہ علاقوں کی کڑی نگرانی جاری ہے اور عوام کے جان و مال کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جا رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سیلابی علاقوں میں جاری ریسکیو اور ریلیف سرگرمیوں کا لمحہ بہ لمحہ جائزہ لیا جا رہا ہے تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال سے مؤثر انداز میں نمٹا جا سکے۔

ڈسکہ جلسہ میں ن لیگی قیادت کا اکٹھ ووٹرز خوش

نوشین افتخار اور میاں ذیشان رفیق نے کشمیر انتخابات میں کامیابی کا دعویٰ کیا



ڈسکہ (عشرت انصاری) آزاد جموں وکشمیر حلقہ ایل اے 35 جموں 2 کے انتخابات کے سلسلہ میں موضع رنجہائی میں منعقدہ جلسہ میں چیئرمین وفاقی پارلیمانی کمیٹی سیدہ نوشین افتخار ایم این اے، صوبائی وزیر بلدیات پنجاب میاں ذیشان رفیق ایم پی اے کی آمد، دونوں ن لیگی ممبران کو کافی عرصہ بعد ایک سٹیج پر دیکھ کر ووٹرز میں خوشی کی لہر دوڑ گئی، آزاد جموں وکشمیر حلقہ ایل اے 35 جموں 2 کے انتخابات کے سلسلہ میں وزیر بلدیات میاں ذیشان رفیق، چیئرمین بلدیہ چوہدری طارق سبحانی، ایم این اے سیدہ نوشین افتخار، چوہدری سجاد گوجر اور چوہدری آصف ایڈووکیٹ ڈیرہ (خضر گوجر و حمزہ ایڈووکیٹ رنجہائی) پر عوام سے خطاب کیا انہوں نے کہا کہ آزاد جموں وکشمیر کے حالیہ انتخابات میں مسلم لیگ ن کلین سویپ کرے گی اور بھاری اکثریت سے کامیاب ہو کر آزاد جموں وکشمیر میں حکومت بنائے گی اس موقع پر سابق چیئرمین چوہدری رسالت گجر، چوہدری مقبول احمد، چوہدری مبارک علی گجر، چوہدری رفاقت علی طاہر، چوہدری نصر اللہ جیمہ، محمد افضل منشاء حاجی شوکت ساہی، حسن علی طاہر، عامر شہزاد گجر، رانا عرفان علی ایڈووکیٹ، ساجد بٹ، رضا بٹ، شمس دین گجر، چوہدری اسماعیل گجر، سید فاخر شاہ، حاجی وارث گجر سمیت دیگر موجود تھے، جہاں پر تحصیل ڈسکہ کے موضعات راجہ گھمان، کشمیر نگر، وزیر پور، جنڈوساہی، پرانا ڈسکہ رنجہائی، شمبل پور سمیت دیگر دیہاتوں کے معززین نے شرکت کی۔ ن لیگ ایم این اے اور ایم پی اے کو ایک ساتھ سٹیج پر دیکھ کر ووٹرز نے خوشی کا اظہار کیا جو آئندہ مسلم لیگ ن کیلئے خوش آئند ثابت ہوگی۔

ڈسکہ میں سیکرٹری لوکل گورنمنٹ بورڈ کا تفصیلی دورہ

صفائی نکاسی آب انتظامات کا جائزہ شہری سہولیات بہتر بنانے کی ہدایات جاری

ڈسکہ (عشرت انصاری) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کی ہدایت پر سیکرٹری پنجاب لوکل گورنمنٹ بورڈ کا ڈسکہ کا دورہ، گذشتہ روز وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت پر سیکرٹری پنجاب لوکل گورنمنٹ بورڈ ڈاکٹر نے ڈسکہ کا تفصیلی دورہ کیا اس موقع پر ان کے ہمراہ اسسٹنٹ کمشنر ڈسکہ سعدیہ جعفر اور چیف آفیسر میونسپل کمیٹی ڈسکہ بھی موجود تھے۔ وفد نے سرکلر روڈ اور کالج چوک کا معائنہ کیا، جہاں جاری ترقیاتی و صفائی کے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ بعد ازاں وفد نے شہر کے مختلف ڈسپوزل اسٹیشنز کا بھی دورہ کیا اور مون سون کے دوران نکاسی آب کے انتظامات، مشینری کی فعالیت، عملے کی حاضری اور ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے کیے گئے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ سیکرٹری پنجاب لوکل گورنمنٹ بورڈ نے انتظامات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ شہریوں کو بہترین بلدیاتی سہولیات کی فراہمی اور بارشی پانی کی بروقت نکاسی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے تاکہ عوام کو کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

ننکانہ صاحب میں بارش نکاسی آپریشن ضلعی انتظامیہ متحرک

ڈپٹی کمشنر رعنا حمید کی نگرانی میں نشیبی علاقوں سے پانی نکالنے کا عمل جاری ہے

ننکانہ صاحب: (بیورو چیف) ننکانہ صاحب میں گزشتہ دو روز سے جاری موسلا دھار بارش کے پیش نظر ضلعی انتظامیہ، واسا اور دیگر متعلقہ اداروں کی جانب سے نکاسی آب آپریشن بلا تعطل جاری ہے۔ ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب رعنا حمید کی ہدایت پر تمام متعلقہ ادارے فیلڈ میں متحرک ہیں اور بارشی پانی کے فوری نکاس کو یقینی بنانے کے لیے بھرپور اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر رعنا حمید نے ننکانہ سٹی کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا اور جاری نکاسی آب آپریشن کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے نکاسی آب ٹیموں کی کارکردگی کا معائنہ کرتے ہوئے ضروری ہدایات جاری کیں۔ اسسٹنٹ کمشنرز سمیت تمام متعلقہ محکموں کے افسران اور اہلکار فیلڈ میں موجود ہیں اور نشیبی علاقوں سے پانی کے نکاس کے عمل کی مسلسل نگرانی کر رہے ہیں۔ بارش کے بعد نشیبی علاقوں کو کلیئر کرنے کے لیے ضلعی انتظامیہ کی ٹیمیں مکمل طور پر متحرک ہیں جبکہ ہیوی مشینری کے ذریعے مختلف مقامات سے پانی نکالنے کا عمل بھی جاری ہے۔ ڈرینز، سیوریج لائنوں اور نالوں میں پانی کے بہاؤ کو یقینی بنانے کے لیے رکاوٹوں کو فوری طور پر دور کیا جا رہا ہے تاکہ شہریوں کو کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ ڈپٹی کمشنر رعنا حمید نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ بارش کے دوران حساس پائنٹس پر مشینری کو ہمہ وقت الرٹ رکھا جائے اور تمام فیلڈ ٹیمیں نشیبی علاقوں سے پانی کی مکمل کلیئرنس تک اپنی ذمہ داریاں انجام دیتی رہیں۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ مرکزی شاہراہوں اور ٹریفک کے اہم راستوں پر پانی کے جمع ہونے کی صورت میں فوری کارروائی کی جائے تاکہ ٹریفک کی روانی برقرار رکھی جا سکے۔ ڈپٹی کمشنر نے واسا اور ضلعی انتظامیہ کی ٹیموں کو باہمی رابطے کے ذریعے نکاسی آب کے عمل کو مزید مؤثر بنانے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ تمام ادارے مربوط انداز میں کام کریں تاکہ بارشی پانی کے نکاس کا عمل تیز اور مؤثر بنایا جا سکے۔ انہوں نے شہریوں کو بارش کے دوران بجلی کے کھمبوں، لٹکتی تاروں اور دیگر خطرناک مقامات سے دور رہنے کے حوالے سے آگاہی مہم جاری رکھنے کی بھی ہدایت کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر رعنا حمید نے کہا کہ نکاسی آب کا آپریشن کامیابی سے جاری ہے اور جلد تمام متاثرہ علاقوں کو کلیئر کر دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ واسا اور ضلعی انتظامیہ کی ٹیمیں مکمل الرٹ ہیں اور شہریوں کو ریلیف کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

ننکانہ صاحب میں الیکٹرک بس سروس منصوبے پر اہم اجلاس منعقد

ڈپٹی کمشنر رعنا حمید کی ہدایات پر جدید سفری سہولیات منصوبے کی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا

ننکانہ صاحب: (بیورو چیف) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کی ہدایات پر ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب رعنا حمید کی زیر صدارت ڈی سی کمیٹی روم میں الیکٹرک بس اسٹیشنز اور الیکٹرک بس سروس کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل صفیان دلاور، اسسٹنٹ کمشنر ڈاکٹر ندا اقبال، ٹریفک پولیس اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران سیکرٹری ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی مریم خان نے الیکٹرک بس منصوبے کے مختلف پہلوؤں پر تفصیلی بریفنگ دی۔ بریفنگ میں ننکانہ صاحب میں الیکٹرک بس اسٹیشنز کے قیام، مجوزہ بس روٹس، ٹریفک مینجمنٹ پلان، مسافروں کی سہولیات اور منصوبے پر جاری پیش رفت سے متعلق آگاہ کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر رعنا حمید نے منصوبے کے مختلف مراحل کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ الیکٹرک بس سروس کے آغاز کے لیے تمام انتظامات بروقت مکمل کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے وژن کے مطابق شہریوں کو جدید، محفوظ، معیاری اور ماحول دوست سفری سہولیات کی فراہمی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ الیکٹرک بس اسٹیشنز پر مسافروں کے لیے بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے اور تمام متعلقہ ادارے باہمی رابطے کے ساتھ منصوبے کی تکمیل کے لیے مؤثر اقدامات کریں۔ اجلاس میں ٹریفک کے روان بہاؤ، بس سروس کے مؤثر آپریشن اور شہریوں کو بہترین سفری سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر رعنا حمید نے کہا کہ الیکٹرک بس منصوبہ نہ صرف شہری ٹرانسپورٹ نظام میں بہتری لائے گا بلکہ ماحولیاتی تحفظ اور پائیدار ترقی کے اہداف کے حصول میں بھی اہم کردار ادا کرے گا۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ عوامی سہولت کے تمام منصوبوں کی بروقت تکمیل ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔

ڈاکٹر مکرم علی طاہر سرگودھا یونیورسٹی شعبہ چیئرمین مقرر

ضلع ننکانہ کے لیے اعزاز علمی خدمات پر اہل علاقہ کا اظہار فخر

سانگلہ ہل (تحصیل رپورٹر) ضلع ننکانہ کے لیے بڑے اعزاز کی بات ہے کہ ڈاکٹر مکرم علی طاہر کو یونیورسٹی آف سرگودھا کے شعبہ "سوشل ایڈوانسمنٹ اینڈ مینجمنٹ" کا چیئرمین مقرر کیا گیا۔ ڈاکٹر مکرم علی طاہر کی علمی، تحقیقی اور تعلیمی خدمات قابلِ تحسین ہیں۔ ان خیالات کا اظہار برطانیہ میں مقیم پاکستان نوجوان رائے فضل اور رائے فرید اور نے کیا۔ رائے فضل کا کہنا تھا کہ ڈاکٹر مکرم کی قائدانہ صلاحیتیں سرگودھا یونیورسٹی کے شعبہ کی ترقی طلباء کے بہتر مستقبل اور رہنمائی میں اہم کردار ادا کریں گی۔ رائے فرید کا کہنا تھا کہ ہمارے سارے خاندان اور اہلیان علاقہ کو کے لیے ڈاکٹر مکرم قابل فخر ہے جنہوں نے اپنی تعلیمی قابلیت اور پیشہ وارانہ صلاحیتوں کی بدولت ضلع ننکانہ صاحب کا نام روشن کیا۔ رائے فضل اور رائے فرید نے ڈاکٹر مکرم کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ ہم دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ ڈاکٹر مکرم کو مزید کامیابیوں اور ترقیوں سے نوازے۔ آمین

اختلاف نہیں، احترام اختلاف مہذب معاشرے کی پہچان

تحریر: چوہدری ارمان ادریس احمد چٹھہ

انسانی معاشرہ مختلف سوچوں، نظریات اور آراء کا مجموعہ ہے۔ اختلافِ رائے ایک فطری امر ہے، لیکن اختلاف کو دشمنی، نفرت اور انتقام میں تبدیل کر دینا معاشروں کی تباہی کا سبب بنتا ہے۔ تاریخ گواہ ہے کہ وہ قومیں ترقی کرتی ہیں جو اختلاف کو برداشت کرتی ہیں، مکالمے کو فروغ دیتی ہیں اور دلیل و احترام کے ساتھ مسائل کا حل تلاش کرتی ہیں، جبکہ وہ معاشرے زوال کا شکار ہوتے ہیں جہاں زبانوں میں تلخی، رویوں میں شدت اور دلوں میں نفرت گھر کر جائے۔ اسلام نے اختلافِ رائے کو ختم کرنے کے بجائے اسے اخلاق، عدل اور برداشت کے دائرے میں رکھنے کی تعلیم دی ہے۔ قرآنِ مجید ہمیں ہر معاملے میں عدل اور حسنِ اخلاق اختیار کرنے کی تلقین کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں: "اور کسی قوم کی دشمنی تمہیں اس بات پر آمادہ نہ کرے کہ تم انصاف نہ کرو۔ انصاف کرو، یہی تقویٰ کے زیادہ قریب ہے۔" (سورۃ المائدہ: 8) یہ آیت ہمیں یہ سبق دیتی ہے کہ اختلاف یا مخالفت بھی انصاف، اخلاق اور قانون کی حدود سے باہر نہیں ہونی چاہیے۔ ایک اور مقام پر اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: "اور میرے بندوں سے کہہ دو کہ وہ ایسی بات کریں جو بہترین ہو۔" (سورۃ الاسراء: 53) یہ آیت ہماری گفتگو کا معیار متعین کرتی ہے۔ الفاظ انسانوں کو جوڑ بھی سکتے ہیں اور توڑ بھی سکتے ہیں۔ ایک مہذب معاشرہ وہی ہے جہاں زبان احترام، خیر خواہی اور شائستگی کی عکاس ہو۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں۔" (صحیح بخاری، صحیح مسلم) یہ حدیث ہمیں سکھاتی ہے کہ حقیقی مسلمان وہ ہے جو دوسروں کو اپنی زبان اور اپنے عمل سے تکلیف نہ پہنچائے۔ بدقسمتی سے آج ہمارا معاشرہ عدم برداشت، سوشل میڈیا پر تلخ گفتگو، جھوٹی خبروں اور ذاتی کردار کشی جیسے مسائل کا سامنا کر رہا ہے۔ اختلافِ رائے کو علمی بحث کے بجائے ذاتی دشمنی بنا دیا جاتا ہے، جس سے معاشرتی ہم آہنگی متاثر ہوتی ہے۔ ہمیں یہ سمجھنا ہوگا کہ دلیل کا جواب دلیل سے دیا جاتا ہے، نفرت سے نہیں۔ والدین کی ذمہ داری ہے کہ وہ بچوں کو دوسروں کی رائے کا احترام کرنا سکھائیں۔ تعلیمی اداروں کو چاہیے کہ وہ طلبہ میں مکالمے، تنقیدی سوچ، برداشت اور آئینی شعور کو فروغ دیں۔ اسی طرح علماء، صحافی، دانشور اور سماجی رہنما اپنی تحریروں اور تقاریر کے ذریعے اتحاد، رواداری اور قومی یکجہتی کا پیغام عام کریں۔ پاکستان اس وقت ایسے باشعور شہریوں کا متقاضی ہے جو اختلاف کو تقسیم کا ذریعہ نہیں بلکہ اصلاح اور بہتری کا موقع سمجھیں۔ قومی ترقی صرف اس وقت ممکن ہے جب ہم ایک دوسرے کو سنیں، سمجھیں اور عزت دینے کا حوصلہ پیدا کریں۔ آخر میں رسول اللہ ﷺ کا یہ ارشاد ہمارے لیے مشعلِ راہ ہے: "جو اللہ اور یومِ آخرت پر ایمان رکھتا ہے، وہ اچھی بات کہے یا خاموش رہے۔" (صحیح بخاری، صحیح مسلم) اگر ہم اپنی گفتگو، اپنے رویوں اور اپنے فیصلوں میں اس تعلیم کو اپنا لیں تو ہمارے گھروں میں سکون، ہمارے اداروں میں اعتماد اور ہمارے معاشرے میں امن و استحکام پیدا ہو سکتا ہے۔ "اختلافِ رائے قوموں کو کمزور نہیں کرتا، بلکہ احترامِ اختلاف انہیں مضبوط، مہذب اور ترقی یافتہ بناتا ہے۔"

شاہجہان منظور علی وسان کا امن قیام میں کردار

تنازعات حل کرنے میں خوش اخلاقی اور انصاف پسندی قابل تحسین قرار



کنڈیارو اور اس کے نواحی علاقوں میں مختلف برادریوں کے درمیان پیدا ہونے والے تنازعات اور مسائل کو گفت و شنید، باہمی افہام و تفہیم اور اتفاقِ رائے کے ذریعے حل کرانے میں معروف امین شاہجہان منظور علی وسان کا اہم کردار رہا ہے۔ وہ اپنی خوش اخلاقی، بردباری، تحمل مزاجی اور انصاف پسندی کی وجہ سے علاقے کے عوام میں خاص مقام رکھتے ہیں۔ شاہجہان منظور علی وسان متعدد معاملات میں فریقین کو ایک جگہ بٹھا کر ان کا مؤقف سنتے ہیں اور محبت، بھائی چارے اور امن کی بنیاد پر باہمی رضامندی سے فیصلے کراتے ہیں، جس سے لوگوں کے درمیان اعتماد، ہم آہنگی اور یکجہتی کو فروغ ملتا ہے۔ ان کے منصفانہ فیصلوں کو علاقے میں امن، اتحاد اور بھائی چارے کے قیام کے لیے قابلِ قدر اور قابلِ ستائش سمجھا جاتا ہے،

شہرِ نعت 7 9 عشقِ مصطفی ﷺ کا معطر قافلہ

تقریظ: شہرِ نعت 97 عشقِ مصطفی ﷺ کی ادبی و روحانی خوشبو



تقریظ "شہرِ نعت۔ 97 عشقِ مصطفی ﷺ کا معطر قافلہ" (مدیر اعلیٰ: پروفیسر ڈاکٹر شبیر احمد قادری) ادب اپنی اصل میں انسانی شعور کی لطافت، تہذیبی حافظے کی بیداری، اور حسنِ اظہار کی ایک مسلسل اور معتبر روایت کا نام ہے۔ جب یہی ادب نعتِ رسولِ اکرم ﷺ کے نور سے منور ہو جائے، تو اس کی معنویت دوچند ہو جاتی ہے، اور لفظ اپنے اندر عقیدت، جمال، احترام، اور روحانی سرشاری کی نئی جہات سمیٹ لیتا ہے۔ ایسے ہی بابرکت اور خوش ذوق ادبی ماحول میں کتابی سلسلہ "شہرِ نعت" اہلِ ذوق کے سامنے ایک روشن، مہذب، اور معنوی اعتبار سے ثروت مند تحفہ بن کر آتا ہے۔ "شہرِ نعت ۔ایک ادبی و روحانی تحریک" "شہرِ نعت" کے ابتدائی صفحات ہی اس بات کا اعلان کرتے ہیں کہ یہ سلسلہ محض شاعری کا مجموعہ نہیں بلکہ ایک "ادبی تحریک" ہے، مزید براں لکھا ہے، کہ "شہرِ نعت" کی اشاعت کا مقصد محبتِ مصطفیٰ علیہ السلام کو عام کرنا ہے اور جب بات محبت کی ہو تو اس اظہار و اعلان بھی لازم ہے، یہ جملہ اس حقیقت کی طرف اشارہ کرتا ہے کہ "شہرِ نعت" نے فیصل آباد کو نعتیہ ادب کا ایک مرکز بنا دیا ہے۔ یہاں نعت صرف پڑھی نہیں جاتی بلکہ "محسوس" کی جاتی ہے، "سمجھی" جاتی ہے، اور "تحقیق" کے ساتھ آگے بڑھائی جاتی ہے۔ نعت۔۔ وہ نور ہے جو لفظوں میں اتر کر دلوں کو روشن کرتا ہے، اور "شہرِ نعت"۔ یہ وہ قافلہ ہے جو عشقِ رسول ﷺ کی خوشبو لیے زمانے کی راہوں پر سفر کرتا ہے، یہ کتابی سلسلہ محض ایک ادبی مجموعہ نہیں؛ یہ محبتِ مصطفی ﷺ کا وہ معطر چراغ ہے، جس کی روشنی ہر صفحے سے پھوٹتی ہے، ہر شعر سے جھلکتی ہے، اور ہر قاری کے دل میں اتر جاتی ہے۔۔ اس کتابی سلسلے کی سب سے نمایاں شان اس کا وہ "ادارتی وقار" ہے، جو محترم پروفیسر ڈاکٹر شبیر احمد قادری صاحب کی شخصیت سے پھوٹتا ہے، ان کی ادارت میں *شہرِ نعت* ایک کتاب نہیں رہا۔ ایک "ادبی مکتب" بن گیا، ایک "روحانی دبستان" بن گیا، ایک "جمالیاتی روایت" بن گیا۔ ڈاکٹر قادری صاحب کا اسلوب، ان کی باریک بینی، ان کی علمی گہرائی اور نتھکے تقدسی شعور نے اس سلسلے کو وہ مقام عطا کیا ہے جو کم ہی نصیب ہوتا ہے۔ ان کے قلم میں وہ وقار ہے جو نعت کے آداب کا پاسبان ہے، اور ان کے دل میں وہ محبت ہے جو نعتکے نور کو مزید روشن کرتی ہے۔ شہرِ نعت کے صفحات میں شامل ہر شاعر، ہر مصرعہ، ہر نعت گوئی۔ گویا ایک ہی سمت اشارہ کرتی ہے "مدینہ"۔ یہ سلسلہ اس بات کا اعلان ہے کہ عشقِ رسول ﷺ آج بھی زندہ ہے، اور اس کی روشنی آج بھی اہلِ دل کے سینوں میں فروزاں ہے، "شہرِ نعت" میں شامل نعتیں کبھی آنکھوں کو نم کرتی ہیں، کبھی دل کو سرشار کرتی ہیں، کبھی روح کو معطر کرتی ہیں، اور کبھی قاری کو اس کیفیت تک لے جاتی ہیں، جہاں لفظ ختم ہو جاتے ہیں اور محبت بولنے لگتی ہے، "شہرِ نعت" کی یہ جلد بھی اسی سلسلے کی ایک روشن کڑی ہے جس میں ادب بھی ہے، تحقیق بھی، روایت بھی، جدت بھی، اور سب سے بڑھ کر "عشقِ مصطفی ﷺ" کی وہ حرارت "جو دلوں کو بدل دیتی ہے۔ خصوصی خراجِ تحسین ادب کی دنیا میں کچھ شخصیات ایسی ہوتی ہیں جن کی موجودگی محض ایک فرد کی موجودگی نہیں ہوتی؛ وہ ایک *عہد* ہوتی ہیں، ایک *روایت* ہوتی ہیں، ایک *چراغ* ہوتی ہیں جو اپنے زمانے کو روشن کرتی ہیں۔" پروفیسر ڈاکٹر شبیر احمد قادری۔ 97 ایک مدیر نہیں، ایک عہد "کسی بھی ادبی سلسلے کی روح اس کا مدیر ہوتا ہے، پروفیسر ڈاکٹر شبیر احمد قادری صاحب کی ادارت کی چند نمایاں خصوصیات ا۔" علمی بصیرت اور تحقیقی مزاج" "شہرِ نعت" کے اداریہ میں وہ لکھتے ہیں: "نعت کی تحسین کا کام ادب اور احترام سے مرصع ہونا چاہیے" یہ جملہ ان کے علمی وقار اور نعت کے تقدسی شعور کی بہترین مثال ہے۔ ۲۔ روایت اور جدت کا حسین امتزاج انہوں نے نعت کو صرف روایتی انداز میں پیش نہیں کیا بلکہ جدید ادبی تقاضوں کے مطابق اسے منظم کیا۔ ڈاک